آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.pk

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 08 جولائی 2020ء بمطابق 16 ذیقعد 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 186

ڈیلیوری یونٹ سے حکومتی امور کی بہتر اور تیز رفتار انجام دہی ممکن ہوگی

وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ ڈیلیوری یونٹ کے قیام کا مقصد حکومتی نظام کو بتدریج ای گورننس کی جانب لے جانا ہے جس سے حکومتی امور کی بہتر اور تیز رفتار انجام دہی ممکن ہوگی

سماجی رابطوں کی ویب سائیٹس رابطوں کا آسان تیز رفتار اور ارزاں ذریعہ ہے جس سے نہ صرف ہم اپنا پیغام فوری اور موثر طور پر عوام تک پہنچا سکتے ہیں

بلوچستان کا مثبت تاثر اور اپنے وسائل کو دنیا کے سامنے پیش کر سکتے ہیں' محکموں کی کارکردگی کی نگرانی کے ذریعہ اسے بہتر بنانا ممکن ہو سکے گا' جام کمال خان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے آزمائشی بنیادوں پر عوام کے لئے پولیس کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور عوامی خدمات کی فراہمی کے دیگر اداروں کی کارکردگی کے حوالے سے آن لائن کمپلینٹ پورٹل قائم کرنے کی ہدایت کی ہے جس کا مقصد عوام کو اپنی شکایات براہ راست حکام تک پہنچانے کی سہولت کی فراہمی ہے، وزیراعلیٰ ڈیلیوری یونٹ کی کارکردگی اور امور سے متعلق دی جانے والی بریفنگ کے لئے منگل کے روز منعقدہ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعلیٰ ڈیلیوری یونٹ کے قیام کا مقصد حکومتی نظام کو بتدریج ای گورننس کی جانب لے جانا ہے جس سے حکومتی امور کی بہتر اور بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو وزیراعلیٰ ڈیلیوری یونٹ کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی جارہی ہے

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:50
ظہر	1:20
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب (06:00)
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہر پر	01:00
مغرب پر	07:00

کورونا کی روک تھام کیلئے حکومتی حکمت عملی بہت کامیاب رہی' شبلی فراز

احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کیا گیا تو کورونا وبا مزید پھیلنے کا بہت خدشہ ہے، وفاقی کابینہ کی عوام سے عید الاضحیٰ گھروں میں منانے کی اپیل

پی آئی اے کے جعلی لائسنس والے 28 پائلٹس کو نوکری سے نکال دیا گیا ہے، تمام مشکوک لائسنس پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کے دور میں جاری کیے گئے

وزیراعظم نے عید الاضحیٰ اپنے گھر میں منانے کا فیصلہ کیا ہے، معاشی نقصانات کے باوجود ٹیکس فری بجٹ پیش کیا گیا، وزیر اطلاعات کی کابینہ اجلاس پر بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے عوام سے عید الاضحیٰ گھروں میں منانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کیا گیا تو کورونا وبا مزید پھیلنے کا بہت خدشہ ہے جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ پی آئی اے کے جعلی لائسنس والے 28 پائلٹس کو نوکری سے نکال دیا گیا ہے، تمام مشکوک لائسنس پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کے دور میں جاری کیے گئے، کورونا وبا کی روک تھام کیلئے موجودہ حکومت کی حکمت عملی بہت کامیاب رہی، ابتدا میں پاکستان میں کورونا ٹیسٹ کی صرف 2 لیبارٹریز تھیں اب 129 ہیں، وزیراعظم نے عید الاضحیٰ اپنے گھر میں منانے کا فیصلہ کیا ہے، معاشی نقصانات کے باوجود ٹیکس فری بجٹ پیش کیا گیا۔ منگل کو وفاقی کابینہ کے اجلاس پر میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ وفاقی کابینہ کو کورونا وبا بہ بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اپوزیشن اور حکومت ہر وقت ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں لگی رہتی ہیں' فواد چوہدری

پاکستان 2.1 ارب روپے کے طبی آلات درآمد کرتا ہے، پرائیویٹ سیکٹر طبی آلات بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ اپوزیشن اور حکومت ہر وقت ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں لگی رہتی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کو کم سے کم ایجنڈے پر آنا ہوگا، چاہتے ہیں کہ گورننس کے معاملات پر حکومت اور بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے قاسم سوری اور مولانا عبدالغفور حیدری کی ملاقات

بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں اور سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا عبدالغفور حیدری نے ملاقات کی۔ منگل کے روز وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے سی ایم سیکرٹریٹ کوئٹہ بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ نے کورونا وائرس کے سبب شہر کے اندر بکرا منڈیاں لگانے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ نے کورونا وائرس کے سبب شہر کے اندر بکرا منڈیاں لگانے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے مگر لائیو اسٹاک کے مطابق اس سال عید الاضحیٰ کے موقع پر شہر کے اندر بکرا منڈیاں لگانے کی اجازت نہیں ہوگی اس لیے مشرقی، مغربی بائی پاس اور نواحی علاقے کچلاک پر بکرا منڈیاں لگانے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا گیا بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینٹ سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، علاقائی امور اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

سمارٹ لاک ڈاؤن، ٹیسٹنگ، ٹریسنگ اور قرنطینہ جیسے اقدامات کے ذریعے پھیلاؤ کو روکا جارہا ہے، صادق سنجرانی

موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے برطانوی معاونت کو خوش آمدید کہیں گے، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹیٹ محمد صادق سنجرانی سے برطانوی ہائی کمشنر نے ملاقات کی جس میں اہم علاقائی امور اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ پاکستان برطانیہ تعلقات تاریخی نوعیت کے ہیں۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ دوطرفہ تعاون کو مزید بڑھانے کے خواہاں ہیں، ملاقات میں کورونا وائرس کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ کورونا وائرس نے عالمی معیشتوں کو غیر معمولی صورت حال سے دوچار کیا ہے۔ انہوں نے کہا بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: چیئرمین سینٹیٹ محمد صادق سنجرانی سے برطانوی ہائی کمشنر ڈاکٹر کرسچن ٹرنر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری کا فروغ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، فرمان زرکون

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق صوبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات بہم پہنچائی جائیں گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری کا فروغ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے وژن کے مطابق صوبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات بہم پہنچائی جائیں گی بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ کے علاقے تیل گودام کے قریب گاڑی کی ٹکر سے بچہ جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے تیل گودام کے قریب گاڑی کی ٹکر سے بچہ جاں بحق ہوگیا ہے۔ چھپا ذرائع بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

خیبر ایجنسی سے بھاگے ہوئے پانچ افراد کو چاغی لیویز فورس نے دھر لیا

چاغی (آن لائن) خیبر ایجنسی سے بھاگے ہوئے پانچ افراد کو چاغی لیویز فورس نے دھر لیا۔ یہ افراد غیر قانونی طریقے سے ایران بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی غیر معیاری اشیاء خورد و نوش کے خلاف مختلف اضلاع میں کارروائیاں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی غیر معیاری اشیاء خورد و نوش کے خلاف مختلف اضلاع اور کوئٹہ شہر میں کارروائیوں کا سلسلہ بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں جرائم میں اضافہ دن دیہاڑے گروہ کی شکل میں دکانوں کا صفایا ہونے لگا' عوامی حلقے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جرائم میں اضافہ دن دیہاڑے گروہ کی شکل میں دکانوں کا صفایا ہونے لگا عوامی بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ شہر کے تمام قانونی اور غیر قانونی کریش پلانٹوں کی این او سی منسوخ کی دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ادارہ تحفظ ماحولیات حکومت بلوچستان نے کوئٹہ شہر کے تمام قانونی اور غیر قانونی کریش پلانٹوں کی این بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی نے پی ٹی آئی کے وفاقی وزراء کے عزیر بلوچ اور نثار مورائی کی بے آئی ٹیز سے متعلق الزامات کو مسترد کر دیا

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی نے پی ٹی آئی کے وفاقی وزراء کے عزیر بلوچ اور نثار مورائی کی بے آئی ٹیز سے متعلق الزامات کو مسترد کر دیا بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

پاکستان مسلم لیگ (ن) کا ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر سخت تشویش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بھارتی حکومت نے وہاں پھنسے 82 پاکستانی شہریوں کی 9 جولائی کو واپسی کی اجازت دیدی

لاہور (این این آئی) بھارتی حکومت نے وہاں پھنسے 82 پاکستانی شہریوں کی 9 جولائی کو واپسی کی اجازت دے دی ہے۔ سفارتی بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

سلوگن

کرونا وائرس سے مکمل چھٹکارا حاصل کرنے تک احتیاطی تدابیر پر کاربند رہنا ہم سب کی مجبوری ہے۔ اگر اس کی شدت میں کمی آئی ہے۔ تو یہ ہماری شعوری کوششوں کا نتیجہ ہے۔ کرونا وباء کے خاتمے تک ہمیں صبر و تحمل کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے۔

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

چیف سیکرٹری بلوچستان

گزشتہ مالی سال میں اتھارٹی نے دیے گئے ہدف سے زیادہ ریونیو جنریٹ کیا ہے اور آئندہ بھی اسی طرح اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریگا

تمام سیکرٹریز اور ان کا عملہ وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کریں' اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کی زیر صدارت منگل کے روز سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں تیزی لانا، محکمانہ کارکردگی، ریونیو جنریشن، پاکستان سٹڈیز پورٹل سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین سی ایم آئی ٹی سجاد احمد بھٹہ، ایس ایم بی آر ظفر مسعود، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات عبدالرحمن یزدانی، اے سی ایس داخلہ حافظ عبدالباسط سمیت صوبائی سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ وقت میں تکمیل ممکن بنایا جائے تاکہ خدانخواستہ ضیاع نہ ہو اور تمام بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی کا تحصیل چاغی آر ایچ سی چاغی کا دورہ

چاغی کے عوامی مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں' صوبائی وزیر مواصلات تعمیرات

چاغی (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی نے تحصیل چاغی آر ایچ سی چاغی کا دورہ کیا اس موقع پر آر ایچ سی چاغی کے انچارج ڈاکٹر وسیم باری نے آر ایچ سی چاغی کے اہم مسائل سے صوبائی وزیر مواصلات تعمیرات کو آگاہ کیا ایس ڈی او اینڈ آر شاہ محمد ایس ڈی او بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

سیلاب زدگان اور بارشوں سے جو نقصانات ہوئے ان کا ازالہ کرینگے' نور محمد دمڑ

نام نہاد اور مسترد شدہ قوم پرست اور مذہبی جماعتوں نے حلقے پر کئی بار حکومتیں کیے تو اپنے دور حکومت میں انہیں سروتی حفاظتی بند کی تعمیر کا خیال کیوں نہیں آیا ہے

ہم نے گزشتہ دو سال میں ضلع ہرنائی کے اہم اور عوام کے اجتماعی مفادات کے مفادات کیلئے جو کام کئے ہے' صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہرنائی سروتی حفاظتی بند کا مسئلہ آج سے نہیں بلکہ کئی دہائیوں سے یہ مسئلہ ہرنائی عوام کو درپیش تھا نام نہاد اور مسترد شدہ قوم پرست اور مذہبی جماعتوں نے حلقے پر کئی بار حکومتیں کیے تو اپنے دور حکومت میں انہیں سروتی حفاظتی بند کی تعمیر کا خیال کیوں نہیں آیا ہے لیکن ہم نے گزشتہ دو سال میں ضلع ہرنائی کے اہم اور عوام کے اجتماعی مفادات کے مفادات کیلئے جو کام کئے ہے اور ان قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں نے چالیس سالوں میں نہیں کئے سروتی حفاظتی بند کیلئے بنگامی بنیادوں پر 15 دنوں کے اندر اندر محکمہ ایریگیشن کے پی ایس ون کے مطابق دس کروڑ روپوں سے زائد وزیراعلیٰ بلوچستان سے منظور کرا کر ریلز اور ٹینڈر ہو چکا ہے جلد سروتی حفاظتی بند کی تعمیر کا کام مکمل ہوگا بارشیں، سیلاب یہ تو قدرت کی طرف سے ہمیں انکا مقابلہ صبر و تحمل سے کرنا ہوگا ہرنائی میں ہلکہ اور اتوار کو سیلاب ریلوں اور بارشوں سے جو نقصانات ہوئے انکا ازالہ کرینگے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے میں ٹریکٹر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے میں ٹریکٹر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا چھپا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے کسلم کے قریب تیز رفتار کی ٹکر سے ایک شخص محمد انور جاں بحق ہوگیا جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کیلئے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا اس سلسلے میں مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر سے عبدالرحیم کاکڑ کی قیادت میں وفد کی ملاقات

شادی ہالز ہوٹل اور ریسٹورنٹ سنوکر کے بارے میں درپیش مسائل کے بارے میں آگاہ کیا

ہمارا مطالبہ ہے کہ ٹائم صبح سے 9 بجے سے رات بارہ بجے تک کیا جائے' انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر سے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی ایگزیکٹو میریا سین میونسپل سید نعمت آغا کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں شادی ہالز ہوٹل اور ریسٹورنٹ سنوکر کے بارے میں درپیش مسائل کے بارے میں آگاہ کیا چیف سیکرٹری کو بتایا کہ ہوٹلز ہوم ڈیلیوری پر کام نہیں کر سکتے جس سے ہوٹلز کے کرایہ بجلی کے بل اور مزدوروں کی تنخواہ بھی پوری نہیں ہو سکتی اور شادی لان زکزشتہ 4 ماہ سے بند ہیں اور ان کے لیبر کی تنخواہ اور مزدوروں بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی کو اپنے تعلیم دشمن ایجنڈے پر شرم آنا چاہئے

بلاول بھٹو

پی ٹی آئی کے ہائر ایجوکیشن کے فنڈز پر حملے وبا کے دنوں میں میڈیکل یونیورسٹیوں کیلئے برے نتائج لائینگے

ہائر ایجوکیشن کے فنڈز میں کمی کے بعد اکثر یونیورسٹیوں کو بندش کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ہائر ایجوکیشن کے فنڈز پر حملے وبا کے دنوں میں میڈیکل یونی ورسٹیوں کیلئے برے نتائج لائیں گے۔ ایک بیان میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میڈیکل یونیورسٹیاں کرونا وائرس کے خلاف اگلے محاذوں پر جدوجہد کر رہی ہیں، پی ٹی آئی نے گزشتہ بجٹ میں ہائر ایجوکیشن کے فنڈز میں کمی کی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے موجودہ بجٹ میں ہائر ایجوکیشن کے فنڈز میں اضافے سے انکار کیا، پی ٹی آئی کے اقدام کے بعد یونی ورسٹی ملازمین کی تنخواہوں میں کمی طلبہ کی فیسوں میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اقدامات کے بعد اکثر یونی ورسٹیوں کو بندش کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، پی ٹی آئی کو اپنے تعلیم دشمن ایجنڈے پر شرم آنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کے پہاڑی علاقے میں تو دہ گرنے 1 شخص جاں بحق

اوتھل (این این آئی) لسبیلہ کے پہاڑی علاقے تھیل کنراج میں تو دہ گرنے سے دو بھائی تو دے تلے دب گئے جن میں علی محمد ولد حاجی عیدو جاں بحق جبکہ محمد خان ولد حاجی عیدو قوم سنیاں کو نکالنے کے لئے ریسکیو آپریشن کیا گیا، اطلاع ملتے ہی اسسٹنٹ کمشنر کنراج انور علی بانہ کی ہدایت پر ایس بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کراچی روڈ ہزار گنجی کو فوری طور پر پی ایس ڈی پی کا حصہ بنا کر تعمیر و مرمت کا کام شروع کیا جائے' مرکزی انجمن تاجران

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان ہزار گنجی زون نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی روڈ ہزار گنجی کو فوری طور پر پی ایس ڈی پی کا حصہ بنا کر تعمیر و مرمت کا کام شروع کیا جائے صوبائی حکومت بجٹ کو عوام دوست قرار دے رہی ہے مگر کوئٹہ شہر کا صنعتی حب ہزار گنجی کا ایک بھی منصوبہ پی ایس ڈی پی میں شامل نہیں اگر مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا گیا بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان سے سویڈن میں مقیم کشمیری سردار تیمور عزیز ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے عذاب میں مبتلا ہیں' عبدالرحمان رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد' ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ' مولانا شیخ احمد جان' مولانا قاری صمد اللہ' مولانا مفتی روزی خان' مولانا محمد ہاشم شکیلی' مولانا حافظ عبدالحق حقانی' مولانا عبدالاحد' مولانا محمد ایوب ایم پی' مولانا مفتی عبدالسلام رئیسانی مولانا غلام یحیٰ محمدی مولانا عبدالغفور مدنی مولانا حکیم حبیب اللہ بڑیچ حافظ سراج الدین مولانا مفتی رحمت اللہ ظفر اللہ کاکڑ حاجی ولی محمد بڑیچ سیکرٹری اطلاعات حافظ عبدالحق شہزاد معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی حافظ خلیل احمد سارنگزئی مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے ڈی جی لیویز مجیب قمبرانی ملاقات کر رہے ہیں

مقبوضہ کشمیر میں ڈیموگرافک تبدیلی کا بھارتی منصوبہ کبھی کامیاب نہیں ہوگا' شہریار خان آفریدی

مداخ میں بھارتی ہزیمت مودی کی توسیع پسندانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے' تقریب حلف برداری سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی برائے کشمیر کے چیئرمین شہریار خان آفریدی نے کہا ہے کہ عالمی برادری ہندوستان کو کبھی بھی مقبوضہ جموں و کشمیر میں آبادیاتی تبدیلی لانے کے اپنے منصوبے کو عملی شکل دینے کی اجازت نہیں دے گی۔ راولپنڈی آرٹس کونسل میں یہاں کورونا ریلیف ٹائیگر فورس کی تقریب حلف برداری کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے شہریار آفریدی نے کہا کہ بھارتی افواج نے ایک سخت عملی کے تحت لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے ساتھ آزاد کشمیر کی آبادی کو نشانہ بنانا شروع بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

خطے میں جاری بدامنی، خون کی ہولی فساد امریکی جارحیت کی تسلسل ہے' مولانا عبدالقادر لونی

مسلسل طاقت اور پرتشدد پالیسیوں کی وجہ سے خطے کا کوئی ملک خود کو محفوظ تصور نہیں کرتا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری نعیم خان ایڈوکیٹ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی معاون کنوینر قاری محمد اکمل صوبائی کنوینر مفتی شیخ الدین ڈپٹی کنوینر حاجی عبیداللہ حقانی معاون کنوینر حاجی حیات اللہ کاکڑ و دیگر نے کہا کہ خطے میں جاری بدامنی، خون کی ہولی فساد امریکی جارحیت کی تسلسل ہے ان کی جارحانہ اور پرتشدد پالیسیوں میں آج بھی تبدیلی بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئی مائی کا لال جام حکومت کو گرا نہیں سکتا ہے اپوزیشن بوکھلاہٹ کا شکار ہے' مظور کاکڑ

بلوچستان حکومت مضبوط سمت پر گامزن ہے کوئی مائی کا لال جام حکومت کو گرا نہیں سکتا ہے اپوزیشن بوکھلاہٹ کا شکار ہے

ساری دنیا نے دیکھا کہ بلوچستان حکومت نے اپنی محدود وسائل کے باوجود کورونا جیسی مہلک وائرس کا مقابلہ کیا ہے' مرکزی جنرل سیکرٹری بی اے پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت مضبوط سمت پر گامزن ہے کوئی مائی کا لال جام حکومت کو گرا نہیں سکتا ہے اپوزیشن بوکھلاہٹ کا شکار ہے ساری دنیا نے دیکھا کہ بلوچستان حکومت نے اپنی محدود وسائل کے باوجود کورونا جیسی مہلک وائرس کا مقابلہ کیا ہے اور پی ڈی ایم اے کی دن رات انتھک محنت سے ہر مشکل حالات میں پیش پیش رہا ہے جن کی کارکردگی قابل ستائش ہے ان خیالات کا اظہار سینیٹر منظور احمد کاکڑ اور صوبائی وزیر داخلہ و پی ڈی ایم اے میر ضیاء اللہ لانگو نے پی ڈی ایم اے دفتر اور وائرہاؤس کے دورے کے موقعے پر کیا اس موقع پر ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران زرکون، محکمہ اطمینان فیصل طارق، فیصل پانیزئی، عطاء مالہ سمیت دیگر افسران موجود تھے حکام نے جانب سے کورونا وائرس کی صورتحال ہنڈی دل سے نمٹنے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اس موقع سینیٹر منظور کاکڑ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کورونا وائرس کی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کے اشتہارات میں 25 فیصد رعایتی کوٹہ کی بندش کے فیصلے کو فوری واپس لیا جائے، انور ساجدی

بلوچستان کے وسائل صوبے کے باہر کے اخبارات پر خرچ کئے جارہے ہیں جو کہ مقامی اخبارات کے ساتھ ناانصافی ہے

سی پیک کے اشتہارات کے اجراء میں بلوچستان کے اخبارات کو ترجیحی دی جائے، بلوچستان ڈیلی نیوز پیپرز ایڈیٹرز کونسل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ڈیلی نیوز پیپرز ایڈیٹرز کونسل کا اجلاس زیر صدارت صدر انور ساجدی منعقد ہوا اجلاس میں بلوچستان کے پرنٹ میڈیا کو درپیش مسائل پر غور و خوض کیا گیا اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ حکام بالا کی توجہ کو مبذول کرانے کے باوجود اس میں مزید اضافہ ہو گیا ہے جس کی وجہ سے جان بلب پرنٹ میڈیا مسلسل آئی سی یو میں پڑا ہے اور ذمہ دار لوگ آکسیجن فراہم کرنے سے بھی اجتناب برت رہے ہیں اجلاس میں کہا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی نے دو بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت کا صوبے کے سرکاری گوداموں میں بند صدیوں پرانی دستاویزات کو محفوظ بنانے کا فیصلہ کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت کا صوبے کے سرکاری گوداموں میں بند صدیوں پرانی دستاویزات کو محفوظ بنانے کا فیصلہ کر لیا تین سو ملین روپے کی لاگت سے جدید لیب بنانے کا کام عنقریب شروع کیا جائے گا سو ملین روپے سے کوئٹہ میں خوب صورت آرٹس گیلری کی تعمیر اور چار سو ملین سیسہ اوڑک کو بہترین سیاحتی مقام بنانے کے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ایئر مارشل ارشد ملک 3 سال تک پی آئی اے کے سربراہ رہیں گے' وفاقی کابینہ نے منظوری دیدی

کابینہ کی منظوری کے بعد ایئر مارشل ارشد ملک پاکستان ایئر فورس سے ریٹائرمنٹ کے بعد بھی پی آئی اے کے چیف ایگزیکٹو رہیں گے

جعلی اور مشکوک ڈگریوں والے پائلٹس کو گراؤنڈ کر دیا گیا ہے اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی او او) ایئر مارشل ارشد ملک کے تین سال تک عہدے پر رہنے کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں ملک کی مجموعی اقتصادی اور سیاسی صورت حال سمیت کورونا وائرس کی وبا اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق وفاقی کابینہ نے ایئر مارشل ارشد ملک کو پی آئی اے کا 3 سال تک چیف ایگزیکٹو کا عہدہ سنبھالنے کی منظوری دے دی ہے۔ کابینہ کی منظوری کے بعد ایئر مارشل ارشد ملک پاکستان ایئر فورس سے ریٹائرمنٹ کے بعد بھی پی آئی اے کے چیف ایگزیکٹو رہیں گے۔ خیال رہے کہ ایئر مارشل ارشد ملک 12 جولائی کو پاکستان ایئر فورس سے ریٹائر ہو رہے ہیں، انہیں 11 اکتوبر 2018 کو وفاقی کابینہ نے پی آئی بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سابق ایس ایچ او مقبول جمالی کو ہائی کورٹ کے حکم پر دوبارہ سٹی تھانہ مین تعینات کر دیا گیا

اوستہ محمد (آن لائن) سابق ایس ایچ او مقبول جمالی کو ہائی کورٹ کے حکم پر دوبارہ سٹی تھانہ مین تعینات کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ کی عدالت نے مقبول جمالی سابق سٹی تھانہ اوستہ محمد کو دوبارہ سٹی تھانہ مین تعیناتی کا حکم دیا جو کچھ ماہ قبل ایک بااثر زمیندار کی ان سے تلخ کلامی ہوئی بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

فوری طور پر چمن بارڈر کھولنے اور بادینی بارڈر کو فعال کرنے کے لئے اقدامات اٹھائیں، غلام فاروق خلجی

چمن بارڈر کی بندش کے باعث نہ صرف ایکسپورٹ اور امپورٹ کے م

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

08 جولائی 2020ء

بھارتی حکومت نے وہاں پھنسے 82 پاکستانی شہری

بھارتی حکومت نے وہاں پھنسے 82 پاکستانی شہریوں کی 9 جولائی کو واپسی کی اجازت دے دی ہے۔ سفارتی حکام کے مطابق بھارتی وزارت داخلہ نے نئی دہلی میں پاکستانی سفارتخانے کی درخواست پر بھارت میں مقیم پاکستانیوں کی واپسی کی اجازت دیدی ہے۔ مراسلے کے مطابق بھارتی ریاستوں نئی دہلی، مہاراشٹر، گجرات، مدھیہ پردیش، ہریانہ سمیت دیگر شہروں سے 82 پاکستانی شہری 9 جون کی صبح بھارت کے اٹاری بارڈر پہنچ جائیں گے۔ پاکستانی شہریوں کی واپسی کے لیے واہگہ اٹاری سرحد خصوصی طور پر کھولی جائیگی۔ پاکستانی سفارتخانے کی طرف سے اپنے شہریوں کی فہرست بھارتی وزارت داخلہ کو فراہم کی گئی تھی بھارت سے واپس آنے والے پاکستانی شہریوں کا واپس پہنچنے پر کورونا ٹیسٹ ہوگا اور انہیں کورنٹائن میں رکھا جائیگا ان لوگوں نے 27 مئی کو واپس آنا تھا مگر انہیں واپسی کی اطلاع ایک دن پہلے ملی، اس وقت واپسی بارے پولیس رپورٹ کروانے اور پھر ممبئی سے واہگہ بارڈر تک پہنچنے کا وقت نہیں تھا۔ اس وجہ سے کئی پاکستانی واپس نہیں آسکے تھے۔ تاہم خدا کا شکر ہے کہ اب تقریباً چار ماہ بعد ان کی واپسی ہورہی ہے۔ بھارت میں پھنسے پاکستانیوں میں سے زیادہ تر کا تعلق کراچی اور اندرون سندھ سے ہے اور ان میں ہندو برادری کے لوگ زیادہ ہیں جو مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لئے بھارت گئے تھے تاہم کورونا لاک ڈاؤن کی وجہ سے ان کی واپسی نہیں ہوسکی تھی۔ دوسری طرف پاکستان میں مقیم 114 بھارتی شہری 14 جولائی کو واہگہ بارڈر کے راستے واپس جائیں گے۔

ڈیجیٹل لائبریری کا قیام، چندے کی کتابیں اور نوجوانوں کا عزم

لائبریری انگریزی زبان کا لفظ ہے جن کے اردو معنی کتابوں کی جگہ یا کتب خانہ ہے جہاں حالات، واقعات، انسان، تاریخ و تمدن، مذاہب، کے علاوہ بے شمار موضوعات پر مشتمل کتابوں کا مجموعہ ایک لائبریری کا حصہ ہوتے

انور رخشانی

ہے دراصل لائبریری کتابوں کی حفاظت اور علم کی ترسیل کا ذریعے سمجھا جاتا ہے
جہاں ہر مقلبہ فکر کے لوگ معلومات اکٹھی کرنے اور بغیر استاد کے اپنے سینوں میں علم کا نور روشن کرنے کے لئے جستجو کرتے ہیں ان میں بہت بڑی تعداد طلباء کی ہوتی ہے جو بہتر مستقبل اور حصول علم کے لئے لائبریری کا رخ کرتے ہیں۔
اگر ہم انسانی تاریخ کا مطالعہ کریں تو ہر دور انسان کامیاب رہا جس نے کتاب سے دوستی کی یقیناً کتابوں سے قربت ہی انسان کی علمی استعداد کو بڑھاتی ہے خاص کر دور حاضر میں علم کا ذوق رکھنے والے معلوماتی مطالعہ کرنے والوں میں نوجوانوں طلبا کی تعداد بہت زیادہ ہے۔
بدقسمتی سے تعلیمی اداروں میں نصابی کتابوں کے علاوہ کچھ بھی میسر نہیں جس کی وجہ سے ضروری ہوجاتا ہے کہ کتابوں سے استفادہ حاصل کرنے اور نوجوانوں کو تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے لائبریرز کا قیام عمل میں لایا جائے لیکن بدقسمتی سے اس جانب کوئی بھی توجہ دینے کو تیار نہیں۔
حالیہ مردم شماری کے مطابق خضدار بلوچستان کا تیسرا بڑا شہر ہے باقی ملک کی طرح یہاں بھی طلباء خود کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لئے پرعزم ہیں لیکن بدقسمتی سے اس جدید دور میں بھی خضدار لائبریری جیسے بڑے نعمت سے محروم ہے۔
علم دوستوں نوجوانوں کی تویل اور مسلسل جدوجہد کی وجہ سے سابقہ حکومت نے خضدار کے لئے ایک جدید ڈیجیٹل لائبریری کے قیام کا فیصلہ کیا جو یقیناً علم سے بے پناہ محبت کرنے والے پرعزم نوجوانوں کے محنت کا ثمر تھا۔
سابقہ حکومت کی جانب سے لائبریری کے قیام کے لئے ضروری اقدامات اٹھائے گئے خضدار کے علمی ذوق رکھنے والوں کے لئے وہ دن کسی مسرت سے کم نہ تھا جس دن لائبریری کے بلڈنگ کی بنیاد رکھ دی گئی اور امید کی کرن خضدار کو منور کرنے کے قریب تھی۔ لیکن خضدار کے علم دوست نوجوانوں پر قسمت کی دیوی کو مہربان ہونے میں ابھی امتحان اور بھی تھے۔
حکومتی تبدیلی اور منتخب نمائندوں کی عدم دلچسپی کے باعث لائبریری کے لئے پیسے مختص تو ہوتے رہے لیکن پیسے تواتر سے لپس بھی ہوتے رہے ایک سال قبل لائبریری کے لئے ایک عالیشان عمارت کا افتتاح مولانا محمد عمر دیشوری نام سے کرلیا گیا جسے لائبریری کے لئے خصوصی تعمیر کروایا گیا تھا لیکن ایک سال بعد بھی اس عمارت میں علم کی مشعل نہ جل سکی۔
آج پھر خضدار کے نوجوان میدان عمل میں جدوجہد کرتے نظر آرہے ہیں ایک ڈیجیٹل لائبریری کے لئے مقامی طور پر کتابوں کا چندہ مانگ رہے ہیں یہ عمل یقیناً نوجوان کے لئے تکلیف دہ اور منتخب نمائندوں کے لئے باعث ندامت ہے کیونکہ کروڑوں کی لاگت سے منظور ہونے والے لائبریری کا بلڈنگ گزشتہ دو سال سے کتابوں کا منتظر ہے۔
یقیناً یہ حکومت وقت کی ذمہ داری ہے کہ لائبریری میں بنیادی بنیادوں پر کتب کی فراہمی کو یقینی بنائیں نوجوانوں کی نیک نیتی اور حصول علم کے عزم کو کسی طور فراموش نہیں کیا جاسکتا لیکن اتنا بڑا ادارہ چندے کی کتابوں کا متحمل نہیں ہوسکتا باوجود اس کے ان نوجوانوں کے علمی ذوق کو سلام جو لائبریری کے قیام سے لیکر اس کی تکمیل تک مسلسل جدوجہد کررہے ہیں چندے کی کتابوں سے لائبریری میں علم کی مشعل روشن ہو نہ ہو لیکن ایک بات طے ہے کہ تعلیم دوستوں کی جدوجہد جہاں تاریخ میں پوست ہوگی وہیں کتابوں کے لئے چندے کا عمل منتخب نمائندوں کے ضمیر کو جھنجوڑنے اور اپنے ذمہ داریوں سے غافل لوگوں کے لئے باعث ندامت ہوگا۔

شمع جمہوریت مادر ملت فاطمہ جناح.....!

تحریک پاکستان میں مادر ملت فاطمہ جناح کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، آپ نے جدوجہد

رانا اعجاز حسین چوہان

آزادی میں حصہ لینے کے لئے برصغیر کی مسلم خواتین کو بیدار کیا اور انہیں منظم کرکے ان سے ہراول دستے کا کام لیا۔ آپ ہی کی بدولت برصغیر کے گلی کوچوں میں مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین بھی تحریک قیام پاکستان میں سرگرم ہوئیں۔ اسی پر اکتفا نہیں بلکہ آپ نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی خدمت کی صورت میں اور تحریک پاکستان میں عملی طور پر حصہ لے کر عظیم خدمات سرانجام دیں۔ جوں جوں قیام پاکستان کی منزل قریب آرہی تھی قائداعظم پورے ملک کے دورے کررہے تھے، اس موقع پر آپ ان کے ساتھ ہوتیں، بھائی کو اگر امت مسلمہ کی محرومی وغلامی بے چین کئے رکھتی تھی تو بہن اس عظیم بھائی کے بے چین دل کو سکون وراحت پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتی تھی۔ آپ نے دن رات قائداعظم کے آرام وسکون کا خیال رکھا، قائداعظم جدوجہد آزادی میں اس قدر مصروف تھے کہ انہوں نے اپنی گرتی ہوئی صحت کی بھی پروانہ کی، اس وقت محترمہ فاطمہ جناح ان کی گرتی ہوئی صحت کیلئے بے حد فکر مند رہتیں اور خیال رکھتیں، اور محمد علی جناح اپنے کام میں محنت ولگن سے مصروف عمل رہتے۔
وہ سیاسی بصیرت میں اپنے بھائی قائداعظم کی حقیقی جانشین تھیں ایک ایسی بہن جس نے اپنی زندگی کو بھائی کی خدمت اور تحریک آزادی کے لیے وقف کردیا تھا جو قوم کی ماں کا لقب "مادر ملت" حاصل کرکے سرخرو ہوئیں۔ امام صحافت جناب مجید نظامی نے ایک محفل میں فرمایا تھا کہ "مادر ملت کا شمار پاکستان بنانے والوں میں ہوتا ہے۔ آپ نے پیرانہ سالی کے باوجود قائداعظم کا بھرپور ساتھ دیا اور ان کی دیکھ بھال کی، اگر آپ یہ خدمات انجام نہ دیتیں تو شاید پاکستان معرض وجود میں نہ آتا"۔ ایک موقع پر خود قائداعظم نے اپنے سیکرٹری کرنل برنی سے اپنی عظیم بہن محترمہ فاطمہ جناح کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ "وہ اپنی بہن کی سالہا سال کی پرخلوص خدمات اور مسلمان خواتین کی آزادی کیلئے انتھک جدوجہد کی وجہ سے ان کے انتہائی مقروض ہیں۔" ایک اور موقع پر قائداعظم نے اپنی بہن محترمہ فاطمہ جناح کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ "جن دنوں مجھے برطانوی حکومت کے ہاتھوں کسی بھی وقت گرفتاری کی توقع تھی تو ان دنوں میری بہن ہی تھی جو میری ہمت بندھاتی تھی۔
جب حالات کے طوفان مجھے گھیر لیتے تھے تو میری بہن میری حوصلہ افزائی کرتی۔" محترمہ فاطمہ جناح کی سیاسی خدمات کا اعتراف ان کے بھائی قائداعظم محمد علی جناح کی زبان سے ہونے کے بعد مزید کسی وضاحت کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ محترمہ فاطمہ جناح نے مسلم لیگ کی مالی اعانت کے لئے خواتین سے کہا کہ وہ مینا بازاروں کا انعقاد کریں، اس طرح آپ کی تحریک پر مسلم خواتین نے مینا بازار لگانے شروع کردیے۔ ان مینا بازاروں سے جو آمدن ہوتی تھی وہ مسلم لیگ کے فنڈ میں جمع کروادی جاتی تھی۔ اپریل 1944ء میں محترمہ فاطمہ جناح نے لاہور میں ایک مینا بازار کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا کہ "مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ آپ لوگوں نے ایک مینا بازار قائم کیا ہے، اس طرح عورتیں بھی اپنے مسلمان بھائیوں کا ہاتھ بٹا سکتی ہیں۔
ہمارا یہ فرض ہے کہ قوم کی اقتصادی حالت بہتر بنانے کیلئے ہم ان کی مدد کریں، ہاتھ بٹائیں اور حوصلہ افزائی کریں۔ مجھے پختہ یقین ہے کہ ہماری بہنیں قوم کی اقتصادی حالت سدھارنے کیلئے ان کی مدد کریں گی"۔ قائداعظم کی زندگی میں مادر ملت ان کے ہمراہ موثر طور پر 19 سال رہیں یعنی 1929ء سے 1948ء تک اور وفات قائد کے بعد بھی وہ اتنا ہی عرصہ بقید حیات رہیں یعنی 1946ء سے 1967ء تک لیکن اس دوسرے دور میں ان کی اپنی شخصیت کچھ اس طرح ابھری اور ان کے افکار وکردار کچھ اس طرح نکھر کر سامنے آئے کہ اس سے عصری سیاست ومعاملات پر ان کی ذہنی گرفت ناقابل یقین حد تک مکمل اور مضبوط تھی۔ 1965ء کے صدارتی انتخاب کے موقع پر ایوب خاں کی نکتہ چینی کے جواب میں مادر ملت نے کہا تھا کہ "ایوب فوجی معاملات کا ماہر تو ہوسکتا ہے لیکن سیاسی فہم وفراست میں نے قائداعظم سے براہ راست حاصل کی ہے اور یہ ایسا شعبہ ہے جس میں آمر مطلق نابلد ہے"۔
اور پھر وقت اجل آپہنچا، وہ 8 اور 9 جولائی 1967ء کی درمیانی شب تھی جب محترمہ فاطمہ جناح سابق وزیر اعلیٰ حیدرآباد دکن لائق علی کی بیٹی کی شادی میں شرکت کے بعد گھر واپس لوٹیں تو گھریلو ملازم سلیم کے بیان کے مطابق محترمہ اس روز بھی حسب معمول بہت خوش تھیں انہوں نے کہا کہ وہ کھانا نہیں کھائیں گی لیکن کچھ پھل کھائے اور پھر قصر فاطمہ کی بالائی منزل پر سونے چلی گئیں، محترمہ کا اصول تھا کہ وہ روز صبح اٹھ کر چابیاں نیچے برآمدے میں پھینکا کرتیں تھیں جس سے ملازم کمروں کے تالے کھولتے۔ 9 جولائی کے روز مقررہ وقت تک چابیاں نہ آئیں تو گھر کا ملازم پریشان ہوا، اس کو تشویش لاحق ہوئی اسی اثنا میں ان کی دھوبی بھی پہنچ گئی جس نے کہا کہ خدانخواستہ محترمہ کی طبیعت خراب نہ ہو، وہ فوری بھاگتی ہوئی قصر فاطمہ کے نیچے والے کمرے میں گئیں جہاں چابیوں کا گچھا تھا اتفاقاً ان میں سے ایک چابی محترمہ کے کمرے کو لگ گئی دیکھا تو محترمہ اس دنیا دار فانی سے رخصت ہوچکی تھیں۔
اس طرح 9 جولائی 1967ء کو محترمہ فاطمہ جناح مختصر علالت کے بعد 73 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں۔ کہ خدانخواستہ محترمہ کی طبیعت خراب نہ ہو، وہ فوری بھاگتی ہوئی قصر فاطمہ کے نیچے والے کمرے میں گئیں جہاں چابیوں کا گچھا تھا اتفاقاً ان میں سے ایک چابی محترمہ کے کمرے کو لگ گئی دیکھا تو محترمہ اس دنیا دار فانی سے رخصت ہوچکی تھیں۔
اس طرح 9 جولائی 1967ء کو محترمہ فاطمہ جناح مختصر علالت کے بعد 73 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں۔ سبز ہلالی پرچم میں جب ان کا جسد خاکی قصر فاطمہ سے پولوگراؤنڈ پہنچا تو وہاں پہلے سے ہی لاکھوں افراد کا مجمع موجود تھا، جبکہ مزید لوگوں کی آمد کا سلسلہ جاری تھا، جوان بوڑھے بچے خواتین زار وقطار اپنے ملک کی ماں کا آخری دیدار کرنے کو ترس رہے تھے۔ تقریباً 12 بج کر 35 منٹ پر ایچ خورشید اور ایم اے ایچ اصفہانی نے اپنے لرزتے ہاتھوں سے محترمہ کی میت کو قبر میں اتارا تو اس وقت لوگوں کی تعداد تقریباً 6 لاکھ سے تجاوز کرچکی تھی اور ہر آنکھ اشکبار تھی۔ یوں محترمہ فاطمہ جناح لاکھوں سوگواروں اور قوم کو یتیم کرکے منوں مٹی تلے سوگئیں۔ محترمہ فاطمہ جناح کو ان کی وصیت کے مطابق مزار قائد میں ہی دفن کیا گیا ان کی قبر سردار عبدالرب نشتر اور لیاقت علی خان کی قبروں کے درمیان، قائداعظم محمد علی جناح سے تقریباً 120 فٹ کے فاصلے پر ہے۔ محترمہ فاطمہ جناح کی موت آج تک ایک معمہ بنی ہوئی ہے کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ محترمہ کی موت طبعی نہیں تھی بلکہ انہیں قتل کیا گیا تھا۔ مادر ملت کی قومی خدمات کے صلے میں پاکستانی عوام اپنی اس ماں کو بطور محسن ملت ہمیشہ یاد رکھے گی۔

☆☆☆☆☆

مارخور

قارئین! کہتے ہیں جہاں قلب و ذہن مسلمہ نظریات کا رشتہ موجود ہو۔ وہاں رشتے کی نسبت کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ اس ضمن میں بہت سی

سفیر حسین کاظمی

مثالیں دی جاسکتی ہیں۔ بہرحال یہاں میرا مقصود "مارخور" کیساتھ آزاد حکومت کے کسی ادارے کی جانب سے روا رکھے گئے سلوک کا تذکرہ ہے۔ اس لئے محدود و مختصر تمہید کیساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ چونکہ "مارخور" کو انٹرسروسز انٹیلی جنس کے پیشہ وارانہ کردار سے نسبت دی گئی ہے۔ اور یہی آئی ایس آئی کا نشان بھی ہے۔ اس اعتبار سے مارخور کی نسبت کوئی مذاق نہیں ہوسکتی۔ بلکہ ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔ لیکن گذشتہ سال جب ریاستی دارالحکومت میں اچانک مارخور کا مجسمہ سال چھتر دومیل کے چوک میں نصب کردیا گیا۔ باوجود اسکے کہ مذکورہ چوک بمطابق حکومتی ڈیکلیئشن "ختم نبوت چوک" قرار پاچکا تھا۔ اس لئے مارخور کو وہاں نصب کرنے کی کسی قسم کی جواز یت نہیں بنتی تھی۔ اور یہ ایک طرح سے ہر دو نسبت سے مذاق تھا۔ "ختم نبوت چوک" میں مجسمہ نصب کرنے کی انتہائی حماقت پر ردعمل بھی آیا۔ جو کہ متوقع بھی تھا۔۔۔۔۔ دو تین ہفتے سوشل میڈیا میں لے دے ہوئی۔ اور پھر چیف سیکرٹری کے احکامات پر مجسمہ وہاں سے ہٹادیا گیا۔ اور بات ختم۔۔۔۔ البتہ اس سارے قضیئے میں "مارخور" کی خوب خوب تذلیل ہوئی۔ مارخور کی اپنی دنیا ہے اور وہ عملی کام پر یقین رکھتا ہے نہ کہ چکنی چپڑی باتوں، دعوؤں اور اداکاری پر۔
۔۔۔ جونہی مجسمہ ہٹا۔ کسی نے مزکریہ تکلف گورانہ کیا کہ معلوم کرے۔ آخر اس مجسمہ کو ہٹوانے میں کیسی ذہنیت کا عمل دخل ہے؟؟ اگر ذہنیت اچھی تھی تو پھر "ختم نبوت چوک" میں کس نے نصب کروایا؟؟؟ اور جب حماقت آشکار ہوئی تو محض مجسمہ ہٹانے پر اکتفا کیوں کرلیا گیا۔ حالانکہ مناسب یہی تھا کہ "وہ ذمہ داران پکڑے جاتے۔ جنہوں نے اپنے عمل کی حماقت سے ایک قومی ادارے سے منسوب "مارخور" کیساتھ یہ حشر کیا۔ چونکہ دفاع وطن میں انٹرسروسز انٹیلی جنس کا کردار وطن دشمنوں کو شکار کرنے کیلئے "انھیں بلوں" سے نکالنے اور شکار کرنے میں "مارخور" جیسا ہے۔ اور پھر نشان بھی یہی مارخور ہے۔ اب "فرسٹ ڈیفنس لائن" پر برسر جبتی جنگ لڑنے والے مارخوروں کیساتھ ایسا سلوک سوال تو پیدا کرتا ہے۔۔۔ اس امر میں کوئی شک بھی نہیں کہ وطن عزیز پاکستان کی "فرسٹ ڈیفنس لائن" کی مضبوطی ہی "دفاع وطن" کی ضمانت ہے۔ اور دفاع وطن کے سلسلے میں بنیادی و کلیدی کردار انٹیلی جنس کا ہوتا ہے۔ دنیا میں کسی بھی نوعیت کی جنگوں میں جس ملک کی انٹیلی جنس جتنی موثر و وسعت کی حامل ہوگی۔
جنگوں کی جہت کا تعین اور اہداف کی تکمیل اتنی ہی ممکن بنے گی۔ چونکہ پاکستان کی انٹیلی جنس کا پروفیشنل رول دنیا کا مانا ہوا ہے۔ اس لئے کہیں حمایت وکہیں مخالفت میں لے دے کا سلسلہ بھی چلتا ہی رہتا ہے۔۔۔ چونکہ یہاں تو آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد میں "مارخور" کیساتھ مذاق کا ایک سالہ سلسلہ ہی موضوع ہے۔ اس لئے تحریر کو سمیٹتے ہیں۔
پہلی بات: وہ "کاریگر" پردے سے باہر کیوں نہ لایا گیا۔ جس کی کاریگری سے "ختم نبوت چوک میں" مارخور کا مجسمہ" نصب ہوا۔۔۔۔ کہیں یہ اُنکی کاریگری تو نہیں تھی جنہیں ختم نبوت سے چڑ ہے۔؟؟؟ جس طرح کی صورتحال ہے۔ مظفرآباد میں ہی نہیں وطن عزیز اور ریاست میں ہر اہم مقام پر "مارخور" کا مجسمہ نصب ہونا چاہیے۔ تاکہ وطن دشمنوں کو یاد دلاتا رہے کہ انھیں ریڈ لائن کراس نہیں کرنی۔ کہ مارخور کو انڈر ایسٹیمیٹ نہیں کرنا۔۔۔۔
دوسری بات: یہ مجسمہ کسی دوسرے مقام پر کیوں نصب نہ ہوا؟؟ شہر میں کسی دوسرے چوک چوراہے کا انتخاب کرنے میں کیا رکاوٹ آگئی دوسری بات:؟؟ یہاں سوال صرف اور صرف "قومی جذبوں" غیرت وحمیت کا ہے۔ جو کہ چوک چوراہے میں نیلام کردی گئی۔ مگر احساس تک نہیں کیا گیا۔ اور اب "مارخور کا مجسمہ" اسمبلی سیکرٹریٹ ایریا میں یہ لوکل گورنمنٹ کی بلڈنگ کے باہری حصے میں کار پارکنگ میں اپنے ساتھ ہونیوالے توہین وتذلیل پر مبنی سلوک کی داستان لئے موجود ہے۔ یقینی طور پر جنہوں نے دیکھنا چاہیے وہ بھی دیکھ چکے ہونگے۔ اور جنہیں "مارخور" کے نام سے ہی تنگی ہوتی ہے وہ بھی دیکھ کر خوش ہورہے ہونگے۔۔۔۔ اور مجسمہ اس بلڈنگ میں آنے جانیوالوں کی نظروں میں ہی نہیں ہے۔ باہر سڑک سے گزرنے والے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ جہاں سے گزرنے والے سوچتے ہونگے کہ جہاں "فرسٹ ڈیفنس لائن والے" مارخور" کا یہ حال ہے۔ وہاں، کیا انسانیت، کیا نظریات، کیا حب الوطنی۔۔۔
تیسری بات: یہ کون سے "کاریگر" ہیں جو ریاست کے وسائل و تقدیر پر حاوی رہتے ہوئے "مارخور" کے مجسمہ کو حرام خوری کا ذریعہ بنانے سے بھی نہیں چوکے۔ مجسمہ بنوانے، لانے اور نصب کرنے کے نام پر اچھی خاصی رقم کن جیبوں میں گئی؟؟؟ اسوقت مارخور کا مجسمہ جہاں پارکنگ ایریا پڑا ہے۔ دراصل یہ ہمارے دعوؤں کے برعکس قومی سوچ وجذبوں کے فقدان کا اعلان بھی ہے۔ جو ہمارے روزانہ کی بنیاد پر جاری بیانات کی تکمیل نفی نہ سہی مگر بیانات کی صحت کو مشکوک ضرور بناتا ہے۔ اور یہ فرسٹ ڈیفنس لائن کیساتھ بدترین مذاق سے کم بھی نہیں۔ مظفرآباد میں "مارخور" کے مجسمہ، کی حالت زار ایک چونکا دینے والا پیغام بھی ہے۔ جسے مارخور صفات والے ہی سمجھ سکتے ہیں نہ کہ "حرام خور"۔۔۔۔۔ اب یہ مجسمہ ریاستی انتظامیہ کی اہلیت پر سوال تو نہیں؟ یا محض شرارت کیوجہ سے ایک اہم ادارے کی توہین کا سبب بنا ہے؟؟؟۔۔۔۔ سنجیدہ اور غیر جانبدار قومی حلقے کہتے ہیں کہ "بااختیار ریاستی اتھارٹی" مارخور کی عزت ووقار کا احساس کرتے ہوئے اب بھی یہ مجسمہ شہر میں ہی کسی بھی بڑے چوک چوراہے پر نصب کروادے؟؟؟ اور یہ تحقیقات بھی کی جانی چاہیے کہ مارخور کا مجسمہ تختہ مشق کیوں بنا۔ اور آج جب وہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوچکا۔ یعنی ایک سینگ نصب ٹوٹ چکا۔ جو کہ مارخور کی شان بھی ہوتا ہے۔ جگ ہنسائی کیلئے سامنے رکھدیا گیا ہے۔ اس سے بہتر تھا کہ جہاں کباڑ خانے میں رکھا گیا تھا وہیں رہتا۔ تب کم از کم شہریوں کی نظروں سے دور تھا۔ اب اسے عمارت کے داخلی دروازے سے اندر پارکنگ ایریا میں رکھ کر نمائش کروائی جارہی ہے؟؟؟ کیا اسکی قومی ادارے سے منسوبیت کا مذاق اُڑانا مقصود ہے۔۔ اب یہ مجسمہ "ہماری قومی سوچ و فکر" اور ذمہ داران کی بے نیازیوں اور ترجیحات کا بھانڈا بھی پھوڑ رہا ہے۔ مظفرآباد میں "مارخور" کی بار بار تذلیل کا ازالہ کریگا۔ اصلی ونسلی لوگ جہاں بھی ہوں وہ کسی بھی نادانستہ غلطی اور دانستہ کوتاہی کے احساس سے محروم نہیں ہوتے۔ اور اصلاح بھی کرلیتے ہیں۔۔۔ اور اگر ازالہ نہیں کرسکتے تو کم از کم مذکورہ مقام سے "مجسمہ" غائب کروادیا جائے۔
قارئین! ہمارا طرز طرز سیاست وحکومت کچھ ایسی روایات کا مجموعہ بنا ہوا ہے۔ کہ کوئی چاہے جتنی بھی کوشش کرے۔ ان سے پیچھا نہیں چھڑا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں بہت کچھ گنوانا پڑا ہے۔ ہمارا انداز سوچ، فکر، عمل گروہی، لسانی، علاقائی، مسلکی اور بھی کئی حوالوں سے تو ہے۔ مگر اُس سوچ ونظریہ سے ہمارا تعلق محض "زبانی کلامی" جمع خرچ کی حد تک ہے۔ جس سوچ ونظریہ کی مسلمہ حیثیت نے ہمیں ایک قوم کی شکل دی تھی۔ اس ساری کیفیت میں اگر کہیں مثبت سوچ وفکر اور عمل کی عملی نظیر ملتی ہے تو وہ ہے "دفاع وطن" پر مامور مسلح افواج کی اُفسران اور پیشہ وارانہ کردار، جو کہ خالصتاً مسلمہ نظریات کیساتھ منسلک ہے۔ ایمان تقویٰ جہاد فی سبیل اللہ کے نصب العین اور افواج کے ہر ہر محاذ کیلئے تیاریوں، قربانیوں کے مرحلے کو قرآن اور سنت کے سانچے میں ڈھالتے ہوئے "دفاع وطن" کیا جاتا ہے۔ اور کہیں نسلی، علاقائی، مسلکی سوچ کی گنجائش نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مسلح افواج کا پیشہ وارانہ کردار ہمیشہ مثالی رہتا ہے۔ ہمارا قومی مزاج کچھ گنوانے کا نہیں۔ بلکہ ہتھیانے کا ہے کہ کہیں سے کچھ بھی ہتھیانے کا موقع میسر آیا نہیں کہ ہم تیار بیٹھے ہوتے ہیں۔ مروجہ طرز سیاست میں گنوانے سے زیادہ ہتھیانے کو ترجیح حاصل ہے۔ یہی انتخابی سیاست کہلاتی ہے۔
چونکہ ہمارے ہاں سیاست کے تمام اسرار ورموز "عوامی رائے" ہتھیانے کے طریقوں تک محدود ہیں۔ اس لئے "انتخابی سیاست" کی محوست نے ہمارے معاشرے کو ابن الوقتی کی سوچ وترجیح کی طرف دھکیل رکھا ہے۔ جس طرف سے سوچ کو تقویت ملے۔ سیاسی ترجیحات آسانی سے یقینی بن سکیں۔ بے پیندے کے لوٹے کی مانند، اُسی جانب لڑھکنا اتنا عام ہوچکا ہے۔ کہ کسی کو حیرت نہیں ہوتی۔ ظاہر ہے جب "ریاست رہنماؤں کے بجائے سیاسی شعبدہ بازوں" کے ہاتھوں موم کی شمع مانند بن جائیں۔ تو پھر مفاد پرستی کے رجحانات کو "نظریات" کا لیبل دیکر جتوں کی پوجا کی اور کروائی جاتی ہے۔ ہمارا معاشرہ "انتخابی سیاست کی محوست" نے اس مقام پر پہنچادیا ہے کہ سوچوں میں ایک بزرگ شہری بھارتی فوج کی گولیوں کا نشانہ بن جاتا ہے۔ اور ہمراہ کم سن نواسہ اپنے نانا کی چھاتی پر چڑھا ہوا بیٹھا دیکھا جاتا ہے۔ لیکن کیا مجال کہ شعبدہ بازوں کے اندر خوف خدا پیدا ہوا ہے۔ انھیں کشمیری قوم سے طویل مکاری کا احساس ہوا ہو۔ البتہ کورونا وائرس کی وباء سے پیدا صورتحال میں بھی سیاست زوروں پر ہے۔ آئندہ سال انتخابات کے دنگل میں اُترنے اور ووٹ ہتھیانے کیلئے لنگوٹ کسے جارہے ہیں۔ گنوانے اور ہتھیانے کی اس کشمکش میں "قومی سوچ ونظریات" کو شدید دھچکا لگ رہا ہے۔ ریاست پاکستان کی بات کی جائے تو وہاں اور یہاں ایک جیسی صورتحال ہے۔ کہ "انتخابی سیاست" کا شیع وہیں ہے۔ جہاں کوئی کل بھی زندہ تھا، آج بھی زندہ ہے۔ بس ضمیر مرگئے ہیں۔ انتخابی سیاست کی کھوکھ سے جنم لینے والے طرز حکومت نے ادارہ جاتی سطح پر محوست پھیلائی۔ سیاسی مداخلت، سفارش وترجیحات نے اُوپر سے لیکر نیچے تک وائرس کی شکل اختیار کرلی۔ ایسا وائرس، کہ جس نے اجتماعیت، قوم اور نظریات کو نگلنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رکھی۔ جس طرح کمال مہارت سے قومی وسائل کو شیر مادر سمجھ کر ہڑپ کرنے کیلئے کوئی بھی انداز اختیار کرلیا جاتا ہے۔ اس طرح اہم قومی معاملات پر دماغ نہیں چلتے۔ اگر چلتے بھی ہیں تو اتنی بدنیتی اور بغض آشکار ہوجاتا ہے۔ کہ حقیقت سمجھنے میں کوئی مشکل باقی نہیں رہتی۔
آخری بات: انسان سے غلطیاں سرزد ہوسکتی ہیں۔ اُمور کی انجام دہی میں کمی کوتاہی، غفلت کا عنصر بھی غالب آسکتا ہے۔ خاص کر ایسے عالم میں جبکہ مسلمہ نظریات کی جگہ شخصیت پرستی، پوجا پاٹ سیاست کا اہم جزو بن جائے۔ سنجیدہ حلقوں کے جذبات، قوم کی اجتماعیت وتشخص کے عکاس ہوتے ہیں۔ اور بعض باتیں سمجھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ اُمید کیجاتی ہے۔ اب مارخور کو مثالی انداز میں کسی اہم مقام پر نصب کیا جائیگا۔ کہ قومی حلقے "مارخور" کیساتھ اس کھیل تماشے سے ناخوش ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کے قریبی ساتھی حاجی منور علی عباسی کی سیاسی سماجی خدمات

سندھ کی سیاست میں عباسی خاندان کا ایک نمایاں کردار رہا ہے، جس میں بیگم ڈاکٹر اشرف عباسی کا

عبدالفتاح عباسی

پاکستان سطح کی سیاست میں اہم رول رہا ہے اور انکے بڑے بیٹے حاجی منور علی عباسی ساتھ ہی سینیٹر ڈاکٹر صفدر عباسی کا سیاست میں بڑا کردار ہے۔ اپنے علاقے کے مشہور ومعروف زمیندار حاجی خان محمد عباسی کے گھر میں 30 ستمبر 1944ء میں منور عباسی لاڑکانہ شہر کے ولید محلہ میں پیدا ہوئے۔ والدہ ڈاکٹر اشرف عباسی ڈاکٹری اور سیاسی حوالے سے ایک بہت بڑی قومی رہنما تھیں۔ منور علی عباسی اپنی والدہ اور اپنے ماموں کامریڈ علی محمد عباسی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سیاست میں قدم رکھا اور عوام کی خدمت کرتا رہا۔ منور عباسی نے پرائمری تعلیم اپنے ولید علاقے سے حاصل کی اس کے بعد لاڑکانہ پائلٹ سیکنڈری ہائیر اسکول میں امتحان پاس کیا جس کے بعد ڈگری کالج لاڑکانہ میں بی اے کا امتحان پاس کیا اور لاکالج لاڑکانہ میں ایل ایل بی کیا۔ 1973ء میں پاکستان پیپلز پارٹی ضلع لاڑکانہ کے جنرل سیکریٹری منتخب ہوئے۔ 1979ء میں ڈسٹرکٹ کونسل کا ممبر منتخب ہوئے اور اسی سال ہی میں تعلقہ کونسل لاڑکانہ پر بنا مقابلے چیئرمین ہوگئے۔ 1980ء میں ضلع کوآرڈینیشن کے چیئرمین بنے، 1982ء میں میونسپل کمیٹی کے چیئرمین منتخب ہوئے۔ 1988ء میں صوبائی الیکشن میں لاڑکانہ تعلقہ کی صوبائی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے اور 1989ء میں سندھ کابینہ میں صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ وپاپولیشن ویلفیئر ہوئے آگے چل کر اسی سال ہی انہی کو لوکل گورنمنٹ کا محکمہ بھی دیا گیا۔ 1997ء کے عام انتخابات میں بھی صوبائی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے۔ سیاست کو عبادت سمجھ کر جس طرح پاکستان کے صوبہ سندھ کے ضلع لاڑکانہ میں عباسی خاندان نے گذشتہ پچاس سال سے زائد عرصہ گذرنے کے باوجود خود کو عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے جس طرح آگے بڑھ کر دکھ

شال بقیہ 1

سے متعلق تفصیلی آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے دیگر ملکوں کے مقابلے میں کورونا سے پاکستان بہت کم متاثر ہوا ہے، کورونا وبا کی روک تھام کے لیے موجودہ حکومت کی حکمت عملی بہت کامیاب رہی، وزیراعظم نے پاکستان کے زمینی حقائق دیکھ کر حکمت عملی اپنائی۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وبا سے نمٹنے میں این سی او سینٹر بطور ادارہ اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ابتدا میں پاکستان میں کورونا ٹیسٹ کی صرف 2 لیبارٹریز تھیں اب 129 ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کیا گیا تو عیدالاضحیٰ پر کورونا وبا پھیلنے کا بہت خدشہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نے عیدالاضحیٰ اپنے گھر میں منانے کا فیصلہ کیا ہے، عوام بھی عید الاضحیٰ پر باہر جانے کی بجائے گھروں میں رہیں۔

شال بقیہ 2

تیز رفتار انجام دی جا رہی ہیں اور محکموں کی کارکردگی کی نگرانی کے ذریعہ اسے بہتر بنانا ممکن ہو سکے گا، وزیراعلیٰ نے سی ایم ڈی یو کے تحت قائم فائل ٹریکنگ سسٹم کو ڈویژن اور اضلاع تک وسعت دینے کی ہدایت بھی کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ سماجی رابطوں کی ویب سائیٹس رابطوں کا آسان تیز رفتار اور ارزاں ذریعہ ہے جس سے نہ صرف ہم اپنا پیغام فوری اور موثر طور پر عوام تک پہنچا سکتے ہیں بلکہ عوامی مسائل سے آگاہی بھی حاصل کر کے انکے حل کے اقدامات کر سکتے ہیں جبکہ بلوچستان کا مثبت تاثر اور اپنے وسائل کو دنیا کے سامنے پیش کر سکتے ہیں، وزیراعلیٰ نے ڈیلیوری یونٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس کی مزید وسعت کی ہدایت بھی کی، انہوں نے پی ایس ڈی پی آٹومائیزیشن اور مانیٹرنگ سسٹم، بلوچستان ڈیٹا سینٹر کے قیام اور ڈسٹرکٹ اٹلس کی تیاری کے منصوبوں کی جلد تکمیل کی ہدایت بھی کی، وزیراعلیٰ نے کووڈ-19 میں کام کرنے والے رضا کاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے انہیں تعریفی اسناد دینے کا اعلان بھی کیا، اس موقع پر وزیراعلیٰ کو ڈیلیوری یونٹ کے جاری اور مجوزہ افعال کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جن میں۔

شال بقیہ 3

مستر ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا انہوں نے ہدایت کی کہ ابھی سے منصوبوں کے پی سی ون جلدی مکمل کر کے پی اینڈ ڈی بھجوائیں تاکہ منصوبوں کو آگے بڑھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی کڑی نگرانی کی جائیگی اور اس کے ساتھ ساتھ منصوبوں کے کام کی تصاویر بھی لی جائیں تاکہ پراگریس کا اندازہ لگایا جاسکے۔ انہوں نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں اتھارٹی نے دیے گئے ہدف سے زیادہ ریونیو جنریٹ کیا ہے اور آئندہ بھی اسی طرح اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریگا چیف سیکرٹری نے کہا کہ کہ تمام سیکرٹریز اور ان کا عملہ وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کریں انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹیزن پورٹل میں عوام کی جانب سے رجسٹرڈ کیسز کو فوری طور پر حل کرنے پر توجہ دیا جائے کیونکہ پرائم منسٹر خود اس کی نگرانی کر رہے ہیں۔ اور اس بارے میں جلد اجلاس بلا سکتے ہیں۔

شال بقیہ 4

اپوزیشن میں اتفاق ہو جائے۔ وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا کہ مختلف شعبوں کے انجینئرز نے 4 مختلف ڈیزائنز کے وینٹی لیٹرز تیار کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 2 اعشاریہ 1 ارب روپے کے طبی آلات درآمد کرتا ہے، پرائیویٹ سیکٹر طبی آلات بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت میں جس پر بھی الزام لگا اس سے جواب لیا گیا ہے۔ وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ زرعی شعبے کو جدید اصولوں پر استوار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 5

جاری ہے پی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیم نے زیارت شہر میں ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز سرفراز مغل کی سربراہی اور ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ علاقے میں موجود ہوٹلوں، جنرل سٹورز، مصالحہ شاپس، میٹ شاپس بیکریوں اور ملک شاپس کی انسپکشن کے دوران چار جنرل سٹورز کو زائد المیعاد کھانے پینے کی اشیاء ممنوعہ پان پراگ گٹکا کی فروخت، ایک ہوٹل کو صفائی کی ناقص صورتحال، غیر معیاری کوکنگ آئل و گھی کے استعمال اور ملازمین کی ذاتی صفائی نہ ہونے، جبکہ ایک بیکری کو مجموعی طور پر حفظان صحت کے اصولوں کے برخلاف تیار اشیا کی فروخت و ناقص صفائی پر جرمانہ کیا گیا۔

شال بقیہ 6

علاقوں میں پولیس کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے پوش علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر بے قابو ہو گئے کوئٹہ شہر میں دن دھاڑے ڈکیتیوں کی وارداتیں ہونے لگی پوش ترین علاقہ جناح ٹاؤن میں جرائم پیشہ عناصر کا راج ہے۔

شال بقیہ 7

نواز شریف وافر مقدار بجلی کی چھوڑ کر گئے تھے، کنٹینر پر چڑھ کر بجلی کے بلز جلانے والے عمران خان بجلی مہنگی کر رہے ہیں، بجلی کی قلت کی وجہ سے ہماری معیشت اور گھریلو صورت اختیار کر جائے گی، پنجاب میں آٹا مہنگا ہے، حکومت کی سرپرستی میں مافیاز پل رہے ہیں، کے پی کے کو مقبرہ بنایا گیا ہے، پی آر ٹی سرفہرست ہے، ہم نے جو منصوبے شروع کیے تھے آج ان کے فیتے یہ کاٹ رہے ہیں، مشکل وقت میں عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، حکومت کی نااہلی اور کرپشن بے نقاب کرتے رہینگے، سی پیک کے خلاف ان کے وزیروں نے بیانات دے کر سی پیک کو دنیا میں بدنام کر دیا ہے، مائز ایجوکیشن کمیشن کی تباہی کا نوٹس لیا جائے۔

شال بقیہ 8

حکام کے مطابق بھارتی وزارت داخلہ نے نئی دہلی میں پاکستانی سفارتخانے کی درخواست پر بھارت میں مقیم پاکستانیوں کی واپسی کی اجازت دیدی ہے۔ مراسلے کے مطابق بھارتی ریاستوں نئی دہلی، مہاراشٹر، گجرات، مدھیہ پردیش، ہریانہ سمیت دیگر شہروں سے 82 پاکستانی شہری 9 جون کی صبح بھارت کے اٹاری بارڈر پہنچ جائیں گے۔ پاکستانی شہریوں کی واپسی کے لیے واہگہ اٹاری سرحد خصوصی طور پر کھولی جائیگی۔ پاکستانی سفارتخانے کی طرف سے اپنے شہریوں کی فہرست بھارتی وزارت داخلہ کو فراہم کی گئی تاکہ بھارت سے واپس آنے والے پاکستانی شہریوں کا واپس پہنچنے پر کورونا ٹیسٹ ہوگا اور انہیں کورنٹائن میں رکھا جائیگا۔

شال بقیہ 9

مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے وزرا چینی اسکینڈل سے توجہ ہٹانے کے لئے الزام تراشی کر رہے ہیں سرکاری دستاویز جاری ہونے سے قبل وفاقی وزیر علی زیدی کے پاس ہونا سمجھ سے بالاتر ہے علی زیدی اپنے لیپ ٹاپ پر بیٹھ کر سچ آٹی ٹیز بنا رہے ہیں لگتا ہے علی زیدی ذہنی توازن کھو بیٹھے ہیں پیپلز پارٹی کا قصور یہ ہے کہ وہ بے

شال بقیہ 10

اوسی مفسوخ کی دی گئی ہیں جو ماحولیاتی ایکٹ 2012 کے مطابق خلاف ورزی کر رہے تھے قانونی اور غیر قانونی کریش پلانٹ مالکان کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پندرہ دن کے اندر اپنے کریش پلانٹوں کی جگہ کو کلیئر (خالی) کرائیں اس بعد قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 11

جانا چاہتے تھے اسسٹنٹ کمشنر داجد دین جاوید ڈومکی کی ہدایت پر کیو آر ایف انچارج کریم نوتیزئی و دیگر جوانوں نے کارروائی کرتے ہوئے ضلع خیبر ایجنسی سے گھر سے بغیر اجازت بھاگنے پر 5 افراد کو یک بچ کے علاقے پن یام کے علاقے گرفتار کر لیا۔ تمام افراد کو ان کے اہلخانہ کے کردیا واضح رہے یہ نوجوان بغیر پوچھے گھر سے کاروبار کیلئے ایران جانا چاہتے تھے انکے اہل خانہ عاصم خان و دیگر نے کہا کہ چاغی انتظامیہ جن میں ڈپٹی کمشنر چاغی آغا شیر زمان اسسٹنٹ کمشنر جاوید ڈومکی کیو آر ایف انچارج کریم نوتیزئی و دیگر کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے بڑی محنت کر کے ہمارے خاندان کے دل جیت لیئے انتظامیہ کی پوری ٹیم نے رات بھر کوشش اور جدوجہد کے بعد کامیاب کاروائی کی انتظامیہ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیئے۔

شال بقیہ 12

بہم پہنچائی جائیں گی، ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ او آئی سی سی آئی سروے رپورٹ 2020 کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے پاکستان میں سکیورٹی کی بہتر صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے، جو غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کی جانب اہم پیشرفت ہے، سروے کے رائے دہندگان میں سی ای اوز اور ممبر اداروں کی سینئر مینجمنٹ شامل تھی جس میں 35 ممالک سے تعلق رکھنے والے او آئی سی سی آئی کے 70 فیصد ممبران نے حصہ لیا جو پاکستانی معیشت کے 14 کلیدی شعبوں میں کام کرتے ہیں، سکیورٹی کی مجموعی صورت حال کا جائزہ لیتے ہوئے جواب دہندگان میں سے 60 فیصد نے اپنے صارفین کے ساتھ ساتھ اپنے متعلقہ سپلائرز اور ملازمین کیلئے حفاظتی ماحول میں بہتری کا عندیہ دیا ہے۔

شال بقیہ 13

کے مطابق گزشتہ روز کوہدر کے علاقے خوئی روڈ نیل گودام کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے بچہ محمد یعقوب جاں بحق ہوگیا جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 14

میں ملاقات کی اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور کے علاوہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں اور سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ علاوہ ازیں وزیراعلیٰ سے مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے بھی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بات چیت کی گئی، رکن صوبائی اسمبلی اصغر ترین بھی اس موقع پر موجود تھے۔

شال بقیہ 15

ہے اس ضمن میں محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے ایس او پیز جاری کی گئی ہیں جب کہ ایس او پیز پر عمل نہ کرنے پر بکرمنڈی کے مالکان کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 16

کہ وائرس پر قابو پانے کے لئے مل کر کوششیں کرنا ہوگی، برطانیہ میں وائرس کے باعث ہونے والے جانی نقصان پر افسوس ہے۔ برطانوی ہائی کمشنر نے بھی پاکستان میں وائرس کے باعث ہونے والے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ پاکستان وائرس پھیل رہا ہے حکومت قابو پانے کے لئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمارٹ لاک ڈاؤن، ٹیسٹنگ، ٹریسنگ اور قرنطینہ جیسے اقدامات کے ذریعے پھیلاؤ کو روکا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 17

نہیں آئی۔ اپنی طاقت اور جبر دھمکی بازی لگا رہا ہے اور مسلسل طاقت اور پرتشدد پالیسیوں کی وجہ سے نمٹنے کا کوئی ملک خود کو محفوظ تصور نہیں کرتا۔

شال بقیہ 18

ایڈوکیٹ اسمٰعیل احمد عیسیٰ زئی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر مواصلات تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی نے کہا چاغی کے عوامی مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں چاغی کے عوام کا پیسہ اب عوام پر خرچ ہونگے آر ایچ سی چاغی کی مرمت کے لیے ایک کروڑ فنڈز منظور ہو چکا ہے پانی کے مسائل اور پائپ لائن کے کام جلد شروع کئے جائیں گے۔

شال بقیہ 19

متاثرین کیلئے پی ڈی ایم اے کی جانب سے امدادی سامان ہرنائی پہنچ چکا ہے جو کہ تمام حقیقی متاثرین میں تقسیم کریگے ہرنائی شہر کے قریب بے نظیر بھٹو شہید رابطہ پل کو جو نقصان پہنچا ہے محکمہ پی اینڈ آر کے انجینئر کو فوری طور پر رابطہ پل کا پی سی ون تیار کرنے اور ہنگامی بنیادوں بحال کرنے کی ہدایت کی ہے نام نہاد قوم پرست اور مذہبی جماعت عوام میں اپنی کھوئی ہوئی ساکھ بحال کرنے کیلئے بارش و سیلاب پر سیاست چکا رہے ہیں ہمیں اپنے عوام کے مسائل و مشکلات کا احساس ہے جن کے حل کیلئے وسائل میں رہتے ہوئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہرنائی کے مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہم بلند و بانگ دعوے نہیں بلکہ عملی کام کر رہے ہیں اور ضلع ہرنائی کے عوام جو حقیقی اور بنیادی مسئلے تھے وہ میں حل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 20

ایچ او ایویز فورس کنراج نائب رسالدار میر محمد جامو اور دفعہ دار احمد خان گورنج نے ایویز فورس کے جوانوں کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے کر تودے تلے دبنے والے محمد خان ہیتاں کو بحفاظت ریسکیو کر لیا۔

شال بقیہ 21

وباء کے دنوں میں پی ٹی آئی کو اتنی غیرت نہیں آئی کہ وہ پرائیویٹ ہسپتالوں اور میڈیکل یونی ورسٹیوں کو سپورٹ کرے۔

شال بقیہ 22

ضلع کے رہنماء حاجی شکین خان کاسی کی جانب سے جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کے سینئر ساتھیوں کے اعزاز میں دیئے گئے ٹی پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ سیاسی فکر کو ابہام سے پاک مثبت انداز میں پیش کرنا اور انسانیت کی فلاح اور اصلاح کے لئے راہ ہموار کرنا سیاست ہیں سیاست استحکام معیشت نہیں خدمت انسانیت کا ذریعہ ہونا چاہیے ملکی سیاسی نظام سیاستدانوں کے دہرے معیار کی وجہ سے کھلا پن کا شکار ہیں۔

شال بقیہ 23

کی تنخواہ اور شادی ہالز کے کرایہ جو کہ 3 لاکھ سے 6 لاکھ روپے کرایہ بھی نہیں دے سکتے بجلی اور گیس کے بلز 3 مہینہ کے بلز ایک جگہ بھجوائے گئے ہیں وہ کہاں سے دیں اور شادی ہالز جو کہ تعداد میں چند ہے عیدالاضحیٰ بھی نزدیک ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ ٹائم صبح سے 9 بجے سے رات بارہ بجے تک کیا جائے تاکہ کورونا کی وجہ سے عیدالفطر پر تاجروں کو کروڑوں کا نقصان ہوا تھا سنوکر کے حوالے سے کہا کہ ان کی تعداد بھی مختصر ہے ان کو بھی کھولا جائے اس کے علاوہ صوبے بھر کے مختلف اضلاع جن میں تاجروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا گزشتہ روز سے مستونگ شہر میں تاجروں کو بلاوجہ ایسی مستونگ اور چیف آفسر مستونگ دوکانوں کو سیل کرواتے ہے جس سے تاجر پریشان ہیں چمن بازار کے کھولنے سے متعلق بات ہوئی کہ 4 مہینہ سے بازار بند ہے اور ایک مہینہ سے تاجر احتجاج کر رہے ہیں قلعہ عبداللہ بازار چیدی بازار کھولنے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا پنجگور کے بجلی کے مسائل ڈیرہ اللہ یار داجدین میں بدامنی کے بارے میں آگاہ کیا چیف سیکریٹری بلوچستان نے یقین دہانی کرائی کہ جونکر اور ریسٹورانٹ کو ایک دو دنوں میں کھولے جائیگے اور شادی ہلو کے متعلق اسلام آباد میں میٹنگ ہونے پر فیصلہ کریگے اور سنوکر کلب بھی کھولا جائے گا دیگر تمام مسائل سنے کے بعد ایڈیشنل چیف سیکریٹری مجیب الرحمان کو ہدایت جاری کی کہ متعلقہ محکموں کو فوری ہدایت دے کہ تمام مسائل تاجروں کے حل کرے چیف سیکریٹری نے کہا کہ تاجر ملک اور صوبے میں معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے جن کا ہر لحاظ سے خیال رکھا جائے گا آخر مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے چیف سیکریٹری بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 24

نیک محمد فاروقی چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو ناظم مالیات میر سرفراز احمد شاہوانی حاجی قاسم خان غلجی مولانا محمد عارف شمشیر ملک نصیر احمد کاکڑ عبداللہ خان ناصر حاجی صالح محمد مولانا سردار محمد حافظ شبیر احمد مدنی اور سالار حافظ مجیب الرحمن ملا خیل مولانا حافظ سعد اللہ آغا عبداللہ سلیمان خیل مولانا مفتی ابوبکر حاجی صادق الدین ایڈووکیٹ حافظ دوست حافظ رحمان نے میڈیا کو جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے عذاب میں مبتلا ہیں کوئٹہ کے شہریوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسے سلوک کسی برداشت نہیں کریں گے جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ عوام کو تنہا نہیں چھوڑیگی انہوں نے کہا کہ طویل بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے عوام اپنے زندگی سے بیزار ہو چکے ہیں عوام کی فریاد سننے والے کوئی نہیں ہے عوام جون کی سخت گرمی میں عوام دشمن وڈیرا کے اعلیٰ حکام کے رحم و کرم پر ہے ہزار گنجی کلی چمن رہسیائی پشتون آباد کلاک نواکی خروٹ آباد زہری ٹاؤن مشرقی بائی پاس سبزل روڈ سریاب روڈ مغربی بائی پاس دیگر ملحقہ علاقوں میں عوام شدید گرمی کی لہر میں سخت اذیت ناک کرب میں مبتلا ہیں سردیوں میں گیس پریشر کی مشکلات اور گرمیوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ اور بجلی کی دستیابی کے کمی کی وجہ سے عوام سخت مشکلات سے دوچار ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام وڈیرا کے اعلیٰ حکام کے رحم و کرم پر ہے عوام کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ نے ذہنی طور پر مریض بنا دیا ہے فوری طور پر بجلی کی لوڈ شیڈنگ کو ختم اور بجلی کی دستیابی کے کمی کو دور کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں۔

شال بقیہ 25

تو انجمن تاجران احتجاجی تحریک شروع کریگی۔

شال بقیہ 26

نائب امیر سید سراج احمد شاہ امروٹی، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی، صوبائی جوائنٹ سیکریٹری مولانا عبداللہ مہر، صوبائی ناظم مفتی مسعود افضل ہالیجوی، مولانا عبداللہ پھوڑ اور دیگر بھی موجود تھے۔ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے مزید کہا کہ معاشی بدحالی انتہا کو پہنچ چکی ہے روپے کی قدر گر رہی ہے صنعتیں بند ہو رہی ہیں بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے ملک اس وقت سخت معاشی بحران سے دوچار ہے، عوامی مسائل میں کمی کے بجائے اضافہ ہوتا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ اداروں کو بیکاری کے ذریعے بہتر نہیں کیا جا سکتا بلکہ اداروں کے انتظام کو بہتر ان کی پیداواری عمل میں اضافہ کرنے بہتری آسکتی ہے، جے یو آئی سربراہ کا کہنا تھا کہ حکومت نے عالمی استعماری قوتوں کے ایجنڈا اور سازش کے تحت ملکی معیشت کو تباہ کر دیا ہے، عوام مہنگائی اور بیروزگاری کی وجہ سے پریشان ہے ملک کو بچانے اور موجودہ نااہل حکومت سے نجات کے لیے سیاسی قیادت کو متحد اور سنجیدہ ہونا ہوگا۔

شال بقیہ 27

جاری ہے پی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیم نے زیارت شہر میں ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز سرفراز مغل کی سربراہی اور ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ علاقے میں موجود ہوٹلوں، جنرل سٹورز، مصالحہ شاپس، میٹ شاپس بیکریوں اور ملک شاپس کی انسپکشن کے دوران چار جنرل سٹورز کو زائد المیعاد کھانے پینے کی اشیاء ممنوعہ پان پراگ گٹکا کی فروخت، ایک ہوٹل کو صفائی کی ناقص صورتحال، غیر معیاری کوکنگ آئل و گھی کے استعمال اور ملازمین کی ذاتی صفائی نہ ہونے، جبکہ ایک بیکری کو مجموعی طور پر حفظان صحت کے اصولوں کے برخلاف تیار اشیا کی فروخت و ناقص صفائی پر جرمانہ کیا گیا۔

شال بقیہ 28

کر دیا ہے کیونکہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی میڈیا کو فاکس لداخ میں بھارتی شکست سے بچانا چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 29

اور وہ ویڈیو وائرل کیا گیا تھا جس پر محکمہ نے ایس ایچ او کو ضلع بدر کیا تھا تھانہ سے فارغ کر دیا جس کا نوٹس لیتے ہوئے ہائی کورٹ نے ایس ایچ او مقبول جمالی کو دوبارہ اسی تھانہ میں تعناتی کا حکم دیا اور واقع کی تفصیلی رپورٹ بھی طلب کیا ہے، ایس ایچ او مقبول جمالی نے سٹی تھانہ کا چارج سنبھال لیا۔

شال بقیہ 30

منصوبے پر کام رواں مالی سال میں کیا جائے گا۔

شال بقیہ 31

مرتبہ ایڈیٹرز کونسل سے ملاقاتوں اور اقدامات کے باوجود کوئی محمد زر آمد نہیں ہوا اس سے نہ صرف

پرنٹ میڈیا بہت بڑے بحران سے دوچار ہو گیا بلکہ پیروکریسی کی عدم دلچسپی سے حکومت کی پبلسٹی بھی صفر ہو کر رہ گئی ہے اجلاس میں اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ بلوچستان کے دوسرے صوبے کے باہر کے اخبارات پر خرچ کئے جا رہے ہیں جو کہ مقامی اخبارات کے ساتھ ناانصافی ہے اجلاس میں وزیراعلیٰ سے مطالبہ کیا گیا ہے چونکہ وزیر نہ ہونے کی وجہ سے محکمہ براہ راست ان کے کنٹرول میں ہے لہٰذا وہ ذاتی توجہ دیں اور محکمہ کو محض کلاسیفائیڈ اشتہارات کے اجراء کا محکمہ نہ بنائیں بلکہ اس بات پر بھی توجہ دیں کہ یہ محکمہ حکومت اور اسکی کارکردگی کی تشہیر کا ذمہ دار بھی ہے اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ 2017-18 کے محکمہ پر جو واجبات ہیں انکی ادائیگی کے فوراً احکامات جاری کئے جائیں۔

شال بقیہ 32

صورتحال میں پی ڈی ایم اے نے جو کارکردگی دکھائی دن رات محنت کے افسران اور عملے محنت کی اور قابل ستائش ہے فوری طور پر ایران سے ہزاروں کی تعداد میں زائرین تفتان سرحد سے بلوچستان میں داخل ہوئے بروقت پی ڈی ایم اے کا عملہ وہاں پہنچا اور فوری طور خیمہ بستی اور کنٹینر سٹی قائم کی ہزاروں کی تعداد میں زائرین، طلباء، تاجر برادری کو قرنطینہ سینٹرز میں رکھ کر ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت کے ساتھ ملکر پی ڈی ایم اے نے اقدامات کئے جو پر تمام افسران اور ملازمین کو شاباش دیتے ہیں کیونکہ ایسے حالات میں پی ڈی ایم اے کوئٹہ سے 7 کلومیٹر تفتان میں سہولیات فراہم کی۔

شال بقیہ 33

تاجر احتجاج کر رہے ہیں تفتان بازار چیدی بازار کھولنے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا پنجگور کے بجلی کے مسائل ڈیرہ اللہ یار داجدین میں بدامنی کے بارے میں آگاہ کیا چیف سیکریٹری بلوچستان نے یقین دہانی کرائی کہ جونکر اور ریسٹورانٹ کو ایک دو دنوں میں کھولے جائیگے اور شادی ہلو کے متعلق اسلام آباد میں میٹنگ ہونے پر فیصلہ کریگے اور سنوکر کلب بھی کھولا جائے گا دیگر تمام مسائل سنے کے بعد ایڈیشنل چیف سیکریٹری مجیب الرحمان۔

شال بقیہ 34

اے کا چیئرمین بنانے کی منظوری دی تھی جب کہ بعد ازاں 2 اپریل 2019ء کو انہیں سی ای او تعینات کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کو مشکوک ڈگریوں والے پائلٹس کے معاملے پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ جعلی اور مشکوک ڈگریوں والے پائلٹس کو گراؤنڈ کر دیا گیا ہے اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں۔ وفاقی کابینہ نے پائلٹس کی مشکوک ڈگریوں سے متعلق چاچ پڑتال جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ کابینہ نے فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اٹی ایف) سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017ء میں ترمیم کا معاملہ مؤخر کر دیا ہے۔

شال بقیہ 35

نے کہا ہے کہ چمن بارڈر کی کئی ماہ سے بندش کے باعث صنعت و تجارت اور امپورٹ و ایکسپورٹ سے وابستہ افراد کے معاشی مستقبل پر سوالیہ نشان ثبت ہو چکا ہے بلکہ اس کے باعث سروس ہیڈ انڈسٹری بھی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے۔

شال بقیہ 36

ہے جبکہ دوطرفہ تجارت کو مزید سہل بنانے اور سرحد پر کام کرنے والے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے مختلف تجاویز زیر غور ہیں۔ جن کو حتمی شکل دے کر صوبائی حکومت کو پیش کیا جائے گا مزید اس میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کو یقینی بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 37

کے محتاج اور ایک ماہ سے زائد عرصے سے احتجاج کر رہے ہیں لیکن وفاقی حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے پہلے ہی عوام کو مہنگائی کی چکی میں پیس دیا ہے اب بارڈر بند کر کے ان سے انکا واحد ذریعہ معاش چھینا عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے بارڈر کی بندش کی وجہ سے ہزاروں خاندان پریشانی کا شکار ہیں لوگ حکومت سے فریاد کر رہے ہیں کہ انہیں انکا روزگار فراہم کیا جائے لیکن حکومت مختلف بہانے بنا کر معاملے کو آئیں بائیں شائیں کر رہی ہے جو کہ ناقابل برداشت ہے۔

شال بقیہ 38

ہے کہ صوبے سے کرپشن کا اتمہ ہو کر عوام کے مسائل صاف و شفاف اور بغیر کرپشن کے حل کیئے جائیں 70 سالہ طرز حکمرانی کو تبدیل کرنے میں وقت ضرور لگے گا صوبائی حکومت صوبے کے اندر ترقی اور پسماندگی کے خاتمے کا بلند و بانگ دعوے کر رہی ہے مگر اس کے برعکس بلوچستان کا گرین بیلٹ پانی کی عدم دستیابی کے سبب تباہی کی جانب گامزن ہو کر بنجر بنتی جا رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیر آباد کے سینئر صحافی ایوب کھوسو سے ٹیلیفونک بات چیت کرتے ہوئے کیا ملک سکندر ایڈووکیٹ نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کا دو سال قبل پی ٹی آئی کی حکومت بننے کے اول روز سے ہی موقف رہا ہے کہ عمران نیازی کی حکومت ملک کو بالکل ہی نہیں چلا سکتی کیوں کہ ان کی جماعت کا طرز حکمرانی سے کوئی تعلق نہ ہے اور نہ ہی رہا ہے امریکہ اور دیگر ملکوں میں مقیم افراد کو لا کر وزراء اور آئی ایم ایف کے پاس ڈیوٹی کرنے والوں کو بلا کر راتوں رات چیئرمین کے عہدوں پر تعینات کر کے ملک کو چلانے کی کوشش کی جا رہی ہے جس کے سبب ملک کے اندر بدامنی، اور مہنگائی نے اپنے پر گاڑ لئے ہیں مہنگائی عروج پر پہنچ چکی ہے۔

شال بقیہ 39

طریقے سے اثر و رسوخ استعمال کر کے سرٹیفکیٹ بنوانے کیلئے پورے صوبے اور لورالائی کا شناخت ظاہر کر کے ڈومیسائل بنا کر صوبے کے کونے پر وفاق میں ملازمتیں حاصل کر کے ہمارے صوبے کے غریب اور ہونہار قابل طلباء کا حق مارا حکومت جعلی کارروائی ثابت ہونے انکے خلاف حکومتی و عدالتی سطح پر کارروائی کر کے انھیں سخت سے سخت سزائیں بھی دیں انہوں نے کہا کہ ہم نے اس ظلم اور ناانصافی کے خلاف ہمیشہ اسمبلی سیشن اور دیگر عوامی فورمز پر بھرپور آواز اٹھائی لیکن ہماری بات پر وفاق نے کبھی سنجیدگی نہیں دیکھائی انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو مراسلہ جاری کر کے جعلی ڈومیسائل کے خلاف کارروائی کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں انہوں نے چیف سیکرٹری سے بھی اپیل کی کہ وہ صوبائی حکومت اور وزیراعلیٰ کے احکامات پر فوری اور سخت نوٹس لیکر صوبے کے نوجوانوں کو انکے حقوق واپس دلوانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

شال بقیہ 40

ظاہر کاکڑ، ضلع ہرنائی کے صدر ملک منان سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ ہرنائی میں بارشوں سے ہونے والے نقصانات پر تشویش ہے بارشوں اور طغیانی کی وجہ سے املاک اور رابطہ سڑکوں کو نقصان پہنچا ہے کئی علاقوں سے لوگوں کو نقل مکانی بھی کرنی پڑی ہے جسکی وجہ سے لوگ شدید مشکلات کا شکار ہیں، انہوں نے کہا کہ

ہرنائی صوبے کے اہم ضلع ہے جہاں سے حکومت کو ریونیو بھی حاصل ہوتا ہے اس ضلع میں بارشوں کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کے بعد اب تک ریلیف آپریشن کا آغاز نہیں ہو سکا ہے جس پر تشویش ہے ہرنائی کے عوام اس وقت مشکلات کا شکار ہیں۔

شال بقیہ 41

کے معلومات تک رسائی کے قانون 2005 کے حوالے سے سنٹر فار پیس اینڈ ڈیولپمنٹ انیشیٹیوز (سی-پی-ڈی-آئی) کے آن لائن منعقد کئے گئے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں شرکاء نے متفقہ طور پر یہ عندیہ ظاہر کیا کہ بلوچستان کا معلومات تک رسائی کا قانون 2005 قومی اور علاقائی معیار کے مطابق نہیں ہے اور اس میں ترامیم کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 42

نے لاکھو ہاؤس قلات میں مختلف کرنے والے مختلف طبقہ فکر کے لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی خندق سے قلات خالق آباد میں جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ کامریڈ سلام لانگو نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالی

وزیر داخلہ بلوچستان کی سربراہی میں بارڈر بندش کا جائزہ لینے کیلئے قائمہ کمیٹی کا اجلاس

قبائلی عمائدین، سیاسی رہنماؤں، چیمبر آف کامرس کے اراکین اور تاجروں کی مشاورت کو یقینی بنایا ہے

بارڈر کے مسئلے کے پائیدار بنیادوں پر حل اور تاجروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کی ہر ممکن کوشش کو یقینی بنایا جائے گا' اجلاس کو بریفنگ

سینیٹر منظور کاکڑ اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی سربراہی میں پاک افغان چمن بارڈر بندش کا جائزہ لینے اور اس کے حل کیلئے سفارشات مرتب کرنے کے سلسلے میں قائمہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینیٹر منظور احمد کاکڑ، صوبائی وزیر پی ایچ ای نور محمد دمڑ، مشیر برائے کھیل، ثقافت عبدالخالق ہزارہ، رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان اچکزئی، بینن علی، اور چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر پر مشتمل کمیٹی نے اس حوالے سے مختلف تجاویز پیش کیے۔ اس موقع پر کمیٹی کے اراکین نے اجلاس کو بتایا کہ بارڈر کے مسئلے کے پائیدار بنیادوں پر حل اور تاجروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کی ہر ممکن کوشش کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس کو ممبران نے بتایا کہ انہوں نے قبائلی عمائدین، سیاسی رہنماؤں، چیمبر آف کامرس کے اراکین اور تاجروں کی مشاورت کو یقینی بنایا (تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر)

پشین کے ہزاروں نوجوان دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، مولانا عزیز اللہ حنفی

جعلی لوکل/ڈومیسائل پر بھرتی ہونے والے تمام ملازمین کے خلاف فوری طور سخت ایکشن لینے کا مطالبہ کرتے ہیں

ہر صوبے کے عوام کا اپنے وسائل پر حق ہے تو یہاں کے عوام کے حق کو بھی اپنے صوبے میں تسلیم کیا جائے

پشین (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے امیر مولانا عزیز اللہ حنفی نے وفاق میں پشین کے کوٹہ پر جعلی لوکل/ڈومیسائل پر بھرتی ہونے والے تمام ملازمین کے خلاف فوری طور سخت ایکشن لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشین کے ہزاروں نوجوان دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں جبکہ ان کی جگہ جعلی کوائف کے حامل افراد تعینات ہیں جو کہ ناقابل برداشت اور انصاف کے منافی عمل ہے جس کی جمعیت علماء اسلام شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے انہوں نے کہا ان تمام افراد کے لوکل/ڈومیسائل (تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کے علاقے سریاب مل کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خوش محمد اور لیاقت شاہ زخمی ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ 2 افراد زخمی پولیس کے مطابق منگل کو کوئٹہ کے علاقے سریاب مل کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خوش محمد اور لیاقت شاہ زخمی ہوگئے پولیس نے زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

جام حکومت کی کارکردگی صفر ہے، اخبارات اور کاغذوں میں بہترین نظر آرہی ہے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

ہر محاذ پر ہم جام حکومت سے مقابلہ کر رہے ہیں صوبائی حکومت صوبے اور اس کے عوام کے ساتھ مخلص نہیں ہیں

صوبہ بلوچستان کو عملی طور پر نہیں بلکہ ٹیوٹر اور واٹسیپ گروپوں کے ذریعے چلانے کی کوشش کی جارہی ہے' اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی

تمبو (آن لائن) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی وجمعیت علماء اسلام کے صوبائی جنرل سیکرٹری ملک سکندر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جام حکومت کی کارکردگی صوبے کے اندر صفر ہے اور اخبارات اور کاغذوں میں بہترین نظر آرہی ہے ہر محاذ پر ہم جام حکومت سے مقابلہ کر رہے ہیں صوبائی حکومت صوبے اور اس کے عوام کے ساتھ مخلص نہیں ہیں صوبہ بلوچستان کو عملی طور پر نہیں بلکہ ٹیوٹر اور واٹسیپ گروپوں کے ذریعے چلانے کی کوشش کی جاری ہے ہماری کوشش (تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ڈی سی کوئٹہ اور تخریب بادینی چیئرمین بلال احمر بلوچستان اکرم شاہ ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

ایس ایچ او صدر کا مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی مزید تیز ایک اور مفرور گرفتار

خضدار (نامہ نگار) ایس ایس پی "گل سید خان آفریدی" کی مفرور ملزمان کے خلاف خصوصی ہدایت ڈی ایس پی سٹی "گل احمد" کی نگرانی میں ایس ایچ او صدر "گل حسن بروہی" ایس آئی صالح رند۔ ایس آئی عبدالحق۔ ایگل (تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر)

سابق وفاقی وزیر مملکت آیت اللہ درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

منگچر (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے سینئر رہنما بکری محمد امین محمد شبیر حاجی عزیز مغل مقبول گل محمد شبیر دیگر نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سابق وفاقی وزیر مملکت آیت اللہ درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر آیت اللہ درانی کی موت سے علاقہ ایک اہم سیاسی رہنماء سے محروم ہوا ہے ڈاکٹر آیت اللہ درانی ملکی سطح پر ایک اہم سیاسی (تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر عارف کاکڑ کی ہدایت پر لیویز آفیسر عبدالرحمن مندوخیل کی کارروائی قتل کے کیس میں مطلوب ملزم گرفتار

ژوب (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر عارف کاکڑ کی ہدایت پر لیویز آفیسر عبدالرحمن مندوخیل کی کارروائی قتل کے کیس میں مطلوب ملزم گرفتار، تفصیلات کے مطابق منگل کو اسسٹنٹ کمشنر عارف کاکڑ کی ہدایت پر لیویز آفیسر عبدالرحمن مندوخیل نے کارروائی کرتے ہوئے بیتا بازار سے قتل کے کیس میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا مزید کارروائی جاری ہے۔

صحافیوں سے مل کر علاقے کو پرامن بنانے اور جرائم پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھی جائے گی' عبدالجلیل سومرو

تھانے میں آنے والے ہر سائل کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایچ او لیویز تھانہ اوتھل عبدالجلیل سومرو نے کہا کہ صحافی معاشرے کا اہم حصہ ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ مل کر علاقے کو پرامن بنایا جائے گا تھانے میں آنے والے ہر سائل کو بروقت انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں جائینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں سے مل کر علاقے کو پرامن بنانے اور جرائم پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ ایس ایچ او عبدالجلیل سومرو نے مزید کہا کہ تھانے میں آنے والے ہر سائل کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے (تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے ہزاروں طلباء کا مستقبل اساتذہ سے وابستہ ہے، شفیق الرحمن ساسولی

بلوچستان ایجوکیشن پروجیکٹ کے اساتذہ کا جائز مسئلہ حل کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانا ناگزیر ہو چکا ہے

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع خضدار کے سینئر نائب صدر شفیق الرحمن ساسولی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان کے ہزاروں طلباء کا مستقبل اساتذہ سے وابستہ ہے، بلوچستان ایجوکیشن پروجیکٹ کے اساتذہ کا جائز مسئلہ حل کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانا ناگزیر ہو چکا ہے، ان اساتذہ کی مستقلی کے حوالے سے ایک سال کا وعدہ چار سال میں وفا نہ ہو سکا۔ ان کا کہنا ہے کہ ان اساتذہ نے GPE-BEP کے تحت 2016 میں (این ٹی ایس) نیشنل ٹیسٹنگ سروس کے ذریعے ٹیسٹ پاس کر کے JVT اور EST کی پوزیشن پر تعینات ہوئے تھے۔ GPE پروجیکٹ (تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر)

چیف سیکریٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر سیکریٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پارٹی میں الیکشن جمہوریت کا حصہ ہیں' رہنماء کاکڑ جمہوری پارٹی ضلع لورالائی

ہم نے کاکڑ جمہوری پارٹی کے منشور اور کاذ کے لیے پہلے بھی بڑھ چڑھ کر کام کیا ہے

لورالائی (آن لائن) کاکڑ جمہوری پارٹی ضلع لورالائی کے رہنماؤں عبدالستار خان کاکڑ، محمد یوسف کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا کی پارٹی میں الیکشن جمہوریت کا حصہ ہیں انہوں نے کاکڑ جمہوری پارٹی کی مرکزی قیادت کے فیصلے کی مکمل تائید کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع (تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ آف پاکستان کے وکیل چوہدری انوار الحق ایڈووکیٹ کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار افسوس

بھی (نامہ نگار) سپریم کورٹ آف پاکستان کے وکیل چوہدری انوار الحق ایڈووکیٹ کی ہمشیرہ کے انتقال پر سی ویلفیئر سوسائٹی بھی کے چیئرمین شبیر احمد صدیقی نے اپنے تعزیتی پیغام میں (تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر)

موجودہ ملازم کش بجٹ کو نامنظور کرتے ہیں یہ ملازم دشمن بجٹ ہے، ملک امیر زادہ علیزئی

بی ایم سی انتظامیہ کی جانب سے اس بارہ فوری طور پر روکا جائے اور حاجی عبداللہ صافی کو اپنی پوزیشن پر بحال کیا جائے

لورالائی (این این آئی) آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ضلعی صدر ملک امیر زادہ علیزئی کی سربراہی میں تحریک بحالی بی ایم سی اور صوبائی جنرل سیکرٹری ایچ حاجی عبداللہ صافی کے خلاف غیر قانونی انکوائری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بی ایم سی انتظامیہ کی جانب سے اس بارہ فوری طور پر روکا جائے اور حاجی عبداللہ صافی کو اپنی پوزیشن پر بحال کیا جائے۔

بلوچستان میں غربت کی ستائی عوام کو بے روزگار کر دیا گیا ہے' علی مدد جتک

پاک افغان بارڈر کی بندش سے ہزاروں لوگ بیروزگار ہیں وفاقی حکومت کو صرف اپنے پیٹ کی فکر ہے

گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں لوگ نان شبینہ کے محتاج اور ایک ماہ سے زائد عرصے سے احتجاج کر رہے ہیں، صوبائی صدر پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پاک افغان بارڈر کی بندش کی وجہ سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہیں وفاقی حکومت کو صرف اپنے پیٹ کی فکر ہے بلوچستان میں غربت کی ستائی عوام کو بے روزگار کر دیا گیا ہے، چمن بارڈر کو فوری طور پر کھول کر لوگوں کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے، یہ بات انہوں نے منگل کو اپنے ایک بیان میں کہی، حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں لوگوں کا گزر بسر بارڈر تجارت سے منسلک ہے چار ماہ سے بارڈر بند ہونے کی وجہ سے ہزاروں لوگ بے روزگار اور انکے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں لوگ نان شبینہ (تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ کو ایکسین پی اینڈ آر علی اکبر لاشاری بریفنگ دے رہے ہیں

لیویز فورس کے مطابق ملبے تلے دبنے والے دونوں افراد آپس میں بھائی بتائے جاتے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ کی دور دراز تحصیل کنراج کے پہاڑی علاقے میں پہاڑی تودہ گرنے سے دو بھائی تودے کی زد میں آکر ایک بھائی جاں بحق ایک شدید زخمی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کی دور دراز تحصیل کنراج کے پہاڑی علاقے حاجی عیدو سیاں گوٹھ میں پہاڑی تودہ گرنے (تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر)

دوستین جمالدینی کا میر یونس عزیز زہری کی اہلیہ محترمہ کی وفات پر تعزیت

خضدار (نامہ نگار) سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان دوستین جمالدینی ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری میر صبا اللہ ساسولی چیف آفیسر پلاننگ عبدالرسول پروٹوکول آفیسر ہیلتھ شوکت زہری ڈی ایچ او خضدار ڈاکٹر سومار خان شیر احمد زہری (تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر)

بولان میں متنازعہ ڈیم عوام کی مرضی اور منشا کے بغیر تعمیر کیا جارہا ہے' خادم حسین ابڑو

ڈیم کی تعمیر سے 70 ہزار لوگ نقل مکانی پر مجبور ہوں گے، ضلع کچھی کی تحصیل سنی کھٹن کے معتبرین کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) ضلع کچھی کی تحصیل سنی کھٹن کے معتبرین خادم حسین ابڑو، میر ایوب جتوئی، ارباب حضور بخش ابڑو، ارباب خان جتوئی، وڈیرہ حاجی خان، وڈیرہ احسان علی ابڑو نے کہا ہے کہ بولان میں متنازعہ ڈیم عوام کی مرضی اور منشا کے بغیر تعمیر کیا جارہا ہے ڈیم کی تعمیر سے 70 ہزار لوگ نقل مکانی پر مجبور ہوں گے اگر ڈیم کی تعمیر نہ روکی گئی تو ہم مشینوں کے آگے لیٹ جائیں گے اگر کوئی بھی شخص جاں بحق ہوا تو اس کا مقدمہ وزیر اعلیٰ، رکن صوبائی اسمبلی، سیکرٹری و ایکسین ایری گیشن کے خلاف درج کیا جائیگا۔

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر میں برقی لائنوں کی ضروری ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 9 جولائی سے 12 جولائی تک سریاب گرڈ اسٹیشن کے کرنی، ہاؤسنگ ایریا، سریاب ا، چلتن فیڈروں سے روزانہ صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز 9 جولائی کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے پی اے ایف (PAF) فیڈر سے صبح 10 بجے سے ایک بجے دن تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

قومی دولت کو لوٹنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں' ادریس تاج

ماضی کی حکومتوں کی اقرباپروری اور کرپشن نے اداروں کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا ہے

بلوچستان حکومت پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں کو ہر معاملے میں نظر انداز کر رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ادریس تاج نے کہا ہے کہ قومی دولت کو لوٹنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ماضی کی حکومتوں کی اقرباپروری اور کرپشن نے اداروں کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا ہے۔ چور، لٹیرے، رشوت خور اور کرپٹ افراد قانونی سقم اور ناقص تحقیقات سے فائدہ اٹھا کر آزاد گھومتے پھرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں کو ہر معاملے میں نظر انداز کر رہی ہیں حالانکہ اتحادی حکومت میں ایسا نہیں ہوتا۔

ڈی ایف اے قلات کے کابینہ کا ڈپٹی کمشنر قلات عزت نذیر بلوچ سے ملاقات

حالیہ وائرس کرونا کے وبا سے پورا ملک جام ہے' ملاقات میں بات چیت

منگچر (نامہ نگار) ڈی ایف اے قلات کے کابینہ کا ڈپٹی کمشنر قلات عزت نذیر بلوچ سے ملاقات فور ڈسٹرکٹ فٹبال ٹورنامنٹ کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوا ڈپٹی کمشنر عزت نذیر بلوچ نے کہا کہ کھلاڑی ملک و قوم کی سفیر ہوتے ہیں جہاں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہے تو کھلاڑی اپنے ٹیلنٹ کو برقرار رکھتے ہیں انہوں نے ڈی ایف اے کو یقین دہانی کہ میں اسپورٹس میٹیوں کے ساتھ (تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر)

ایس آئی حبیب اللہ کھوکھر نے انچارج سی آئی اے سرکل سنجاوی پنجور کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

خیر دین (نامہ نگار) ایس آئی حبیب اللہ کھوکھر نے انچارج سی آئی اے سرکل سنجاوی پنجور کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا دریں اثناء علاقے کی سیاسی و سماجی حلقوں تنظیم الخدمت ویلفیئر مانجھی پور کے سینئر نائب صدر محمد نواز کھوسہ (تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر)

ڈی پی او کیچ کا ڈپٹی کمشنر کیچ کے ہمراہ کورونا کے پھیلاؤ کے پیش نظر عیدالاضحیٰ کیلئے لگائی جانے والی مویشی منڈی میں ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے

گوادر (ش ن) اپنی کمشنر گوادر کیپٹن (ر) محمد وسیم نے کہا ہے کہ کورونا کے پھیلاؤ کے پیش نظر عیدالاضحیٰ کیلئے لگائی جانے والی مویشی منڈی میں ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے ایس او پیز کے مطابق مویشی منڈی لگائی جائے گی جو کہ تین حصوں پر مشتمل ہوگی جہاں چھوٹے اور بڑے جانوروں کے لیے الگ الگ جگہ بنائی جائے گی اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر نے ضلع گوادر کے اسسٹنٹ (تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر)

بیلہ پولیس کی کارروائی کوچ سے چار ہزار لیٹر ایرانی ڈیزل برآمد دو ملزمان

اوتھل (نامہ نگار) بیلہ پولیس کی کارروائی کوچ سے چار ہزار لیٹر ایرانی ڈیزل برآمد دو ملزمان گرفتار مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی اوتھل سرکل نجیر احمد شاہ کی (تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر)

نوابزادہ طارق مگسی' سعید احمد ہاشمی کا آیت اللہ درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق مگسی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی رہنما سعید احمد ہاشمی نے پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما آیت اللہ درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا ہے کہ مرحوم ایک سنجیدہ سیاستدان اور نفیس شخصیت کے مالک تھے۔ انہوں نے سوگوار خاندان (تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ شہر اور گردانواح میں چلنے والے 21 غیر قانونی اسٹیشل پلانٹوں کو سیل کر دیا گیا

ادارہ تحفظ ماحولیات کے قانون کے ایکٹ 2012ء کی خلاف ورزی کر رہے تھے

کوئٹہ (ش ن) محکمہ ادارہ تحفظ ماحولیات اور ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے کوئٹہ شہر اور گردانواح میں چلنے والے 21 غیر قانونی اسٹیشل پلانٹوں کو اسٹیشل مجسٹریٹ ڈاکٹر میر وائس کاکڑ اور ادارہ تحفظ ماحولیات کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر مبین الحق اور ریسرچ شوکت ہنگوئی کی نگرانی میں سیل کر دیا گیا جو کہ ادارہ تحفظ ماحولیات کے قانون کے ایکٹ 2012ء کی خلاف ورزی کر رہے تھے اور شہر میں بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ساتھ آلودگی کا سبب بن رہے تھے ادارہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے اس مرحلے میں کچاک مشرقی بائی پاس اور مغربی بائی پاس پر واقع حاجی لال جان کرشنگ پلانٹ، حاجی مجید شاہوانی کرشنگ پلانٹ، میر ناصر رند کرشنگ پلانٹ، ایکزٹی پلانٹ 1,2 بلوچستان پلانٹ جبکہ مغربی بائی (تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر حاجی عبدالخالق کے پیش نظر عیدالاضحیٰ کیلئے لگائی جانے والی مویشی منڈی میں ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے

کورونا کے پھیلاؤ کے پیش نظر عیدالاضحیٰ کیلئے لگائی جانے والی مویشی منڈی میں ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے

اوتھل (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حاجی عبدالخالق نے کہا ہے کہ کورونا کے پھیلاؤ کے پیش نظر عیدالاضحیٰ کیلئے لگائی جانے والی مویشی منڈی میں ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے ایس او پیز کے مطابق مویشی منڈی لگائی جائے گی جو کہ تین حصوں پر مشتمل ہوگی جہاں چھوٹے اور بڑے جانوروں کے لیے الگ الگ جگہ بنائی جائے گی اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر نے ضلع گوادر کے اسسٹنٹ (تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کا معلومات تک رسائی کا قانون فرسودہ ہے، نصر اللہ زیرے، سید علی شاہ و دیگر

صوبے میں معلومات تک رسائی کا قانون 2005 علاقائی اور قومی معیار کے مطابق نہیں ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور صحافیوں نے کہا ہے کہ بلوچستان کا معلومات تک رسائی کا قانون فرسودہ ہے صوبے میں معلومات تک رسائی کا قانون 2005 علاقائی اور قومی معیار کے مطابق نہیں ہے بلوچستان کے معلومات تک رسائی کے قانون میں اصلاحات کی ضرورت ہے۔ یہ بات پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے، سینئر صحافی سید علی شاہ، وفاقی انفارمیشن کمشنر زاہد عبداللہ، بہرام لہڑی و دیگر نے بلوچستان (تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر)

میر ضیاء اللہ کی کوششوں سے قلات ہر طلوع سورج کے ساتھ ترقی کا نیا سفر طے کر رہا ہے، کامریڈ سلام لانگو

قلات بلوچستان کا ہر احولے سے تاریخی شہر رہا ہیں قلات کو تاریخی ترقی دینگے

قلات (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی قلات کے ترجمان کامریڈ سلام لانگو نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ کی کوششوں سے قلات ہر طلوع سورج کے ساتھ ترقی کا نیا سفر طے کر رہا ہے قلات میں اربوں روپے کی ترقیاتی کام جاری ہیں 2013 سے پہلے ہمارے ساتھ نمائندے کسی غریب کو ایک عدد سیلائی مشین دیکر بھی احسان کیا کرتے تھے۔ یہ بات انہوں (تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر)

سٹی پولیس تھانہ کے ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کی کارکردگی قابل تعریف ہے، سردار عبدالجبار خان خلجی

دونوں افسران نے ہمیشہ تاجروں اور خاص کر صرافہ ایسوسی ایشن کے ساتھ مکمل تعاون کیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار عبدالجبار خان خلجی نے کہا ہے کہ سٹی پولیس تھانہ کے ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کی کارکردگی قابل تعریف ہے انہوں نے ہمیشہ تاجروں اور خاص کر صرافہ ایسوسی ایشن کے ساتھ مکمل تعاون کیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار عبدالجبار خان خلجی نے کہا کہ ڈی ایس پی سٹی مدثر علی اور ایس ایچ او شان ایماندار اور مخلص پولیس افسران ہیں جنہوں نے ہمیشہ عوام اور تاجروں (تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر)

ایس ایس پی خضدار کا صدر تھانے کا دورہ

خضدار (نامہ نگار) ایس ایس پی خضدار کا صدر تھانے کا دورہ ایس ایس پی خضدار "گل سید خان آفریدی" نے آج صدر تھانے کا دورہ کیا جوانوں سے ملاقات کی انکے مسائل سنے اور موقع پر حل کرنے کی ہدایات جاری کی جبکہ پولیو مہم ڈیوٹی کرنے والے جوانوں میں نقد رقم تقسیم (تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ افسران عوام کے خادم بن کر کام کریں' مہر اللہ بادینی

مون سون بارشوں کے پیش نظر تمام محکموں کو الرٹ اور مشینری کو سٹینڈ بائی کر دیا ہے

زیارت (ش ن) اپنی کمشنر زیارت کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے کہا ہے کہ مون سون بارشوں کے پیش نظر تمام محکموں کو الرٹ اور مشینری کو سٹینڈ بائی کر دیا ہے، اس سلسلے میں پہلے ہی افسران کا اجلاس منعقد کر چکے ہیں، مون سون بارشوں کے پیش نظر کنٹرول روم بھی قائم کر دیا ہے، کسی بھی (تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی کے سابق رکن و سجادہ نشین دربار پیر بولان حضرت سلطان غلام میرا منگل انتقال کر گئے

نماز جنازہ آج (بدھ) کو دوپہر 2 بجے دربار سلطان باہو جھنگ میں ادا کی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) سابق رکن بلوچستان اسمبلی و سجادہ نشین دربار پیر بولان حضرت سلطان غلام میرا منگل کو قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے مرحوم جماعت اہلسنت کے عالم دین خالد سلطان کے والد تھے مرحوم کی نماز جنازہ آج (بدھ) کو دوپہر 2 بجے دربار سلطان باہو جھنگ میں ادا کی جائے گی۔

کوئٹہ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر ایم پی اے اصغر خان اچکزئی سول سیکرٹریٹ میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

پی پی ایچ آئی جعفر آباد ضلع کی عوام کو بہتر سے بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے' شاہجہان میینگل

پائلٹ پروجیکٹ ٹیلی ہیلتھ کلینک میں مختلف امراض کا علاج معالجہ کیا جائے گا

گندا ہ (نامہ نگار) پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے عوام کیلئے ایک اور قدم PPHI بلوچستان کے سربراہ عزیز احمد کی بحالی خصوصی کاوشوں سے ضلع جعفر آباد کے لئے ٹیلی ہیلتھ کلینک کا قیام عمل میں لایا گیا پی ایچ یو چوکی بحالی میں ٹیلی ہیلتھ کلینک کا آغاز کر دیا گیا پی پی ایچ آئی جعفر آباد کے ڈی ایس ایم شاہجہان میینگل نے گندا ہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی پی ایچ آئی جعفر آباد ضلع کی عوام کو بہتر سے بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے پی پی ایچ آئی (تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹرز اور پیرا اسٹاف و دیگر عملہ اپنے فرائض بہتر انداز میں سرانجام دے رہے ہیں

فرائض کی ادائیگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈاکٹر رفیق مستوئی

بھی (این این آئی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بھی ڈاکٹر رفیق مستوئی نے کہا کہ ہسپتال میں ادویات وافر مقدار میں دستیاب ہے، کتا کاٹنے اور سانپ کے ڈسنے کے انجکشن بھی موجود ہیں ڈاکٹرز اور پیرا اسٹاف و دیگر عملہ اپنے فرائض بہتر انداز میں سرانجام دے رہے ہیں، فرائض کی ادائیگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، لاپرواہی اور غفلت کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں (تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر)

ہرنائی میں حالیہ نہ ہونے والی بارشوں سے لوگوں کو بھاری مالی نقصان پہنچا ہے' جمال شاہ کاکڑ

کئی علاقوں میں لوگ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو گئے، ہرنائی میں کئی رابطہ سڑکیں بھی تباہ ہو گئی ہیں

صوبائی حکومت جلد از جلد ہرنائی میں ریلیف آپریشن کا آغاز اور نقصانات کا ازالہ کرے، سابق سپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ ہرنائی میں حالیہ دنوں ہونے والی بارشوں سے لوگوں کو بھاری مالی نقصان پہنچا ہے کئی علاقوں میں لوگ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو گئے، ہرنائی میں کئی رابطہ سڑکیں بھی تباہ ہو گئی ہیں، صوبائی حکومت جلد از جلد ہرنائی میں ریلیف آپریشن کا آغاز اور نقصانات کا ازالہ کرے، یہ بات انہوں نے منگل کو مسلم لیگ (ن) کے صوبائی نائب صدر ملک (تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر عابد سلیم قریشی کوکرل یاسین انجم پیر غائب پر تعمیر و مرمت کے کام کے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

بلوچستان میں سرداری نظام صدیوں سے چل رہا ہے، وڈیرہ عبدالناصر کرد

ہر قبیلے کا اپنا ایک سردار ہوتا ہے جو اپنے قبیلے اور ہمسایہ اقوام کی خدمت کرتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وڈیرہ عبدالناصر کرد، چیف نکمری زردارزئی نکمری محبوب علی کرد، چیف نکمر م